★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | منگل 6 رجب المرجب 1446ھ، 7 جنوری 2025ء، 20 پوہ 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 81

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جو کہے ملک کو آگ لگا دو اس کے بہکاوے میں نہ آنا، مریم نواز کی طلباء کو نصیحت

طلبہ کے لیے اگلے ہفتے بلا سود قرض اسکیم متعارف کروائی جائے گی جس میں 3 کروڑ روپے تک کا قرض فراہم کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب

طلبہ کے اچھے مستقبل کے لیے جو کچھ ہوسکا وہ کروں گی، بہتر مستقبل کے لیے تمام رکاوٹیں دور کرنے کی کوشش کی جائے گی، تقریب سے خطاب

لاہور (خبرنگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی میں ہونہار سکالرشپ کی تقریب میں ہونہار سکالرشپ کو 100 ارب تک بڑھانے کا اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اگلے سال سے مزید 20 ہزار ہونہار سکالر شپ بڑھانے، نوجوانوں کے لئے نئے بزنس اور سٹارٹ اپس کے لئے 3 کڑور روپے تک بلا سود قرض دینے کا اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے طلبہ کو اگلے سال سے ایک لاکھ ای (بقیہ نمبر 29)



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عمران، بشریٰ بی بی کیخلاف 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس کا فیصلہ 13 جنوری کو سنایا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کیخلاف 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس کا فیصلہ ایک (بقیہ نمبر 33)

حکومت تحریک انصاف مذاکرات میں ڈیڈ لاک

تحریکِ انصاف کا تحریری طور پر مطالبات نہ دینا ڈیڈ لاک کی وجہ بنا، حکومتی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) کے درمیان جاری مذاکرات میں ڈیڈ لاک برقرار ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق تحریکِ انصاف کا تحریری طور پر مطالبات نہ دینا ڈیڈ لاک کی وجہ بنا۔ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے بھی مذاکراتی کمیٹیوں کا اجلاس (بقیہ نمبر 32)

لکی مروت، پولیس پر فائرنگ، دو اہلکار شہید، ملزمان فرار ہونے میں کامیاب

شہید اہلکار ڈیوٹی کیلئے جا رہے تھے کہ ان پر فائرنگ کردی گئی، ملزمان کی گرفتاری کے لئے کارروائی شروع کردی گئی، ڈی پی او لکی مروت

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا پولیس کے بہادر سپوتوں نے اپنی جانوں کی قربانی دیکر تاریخ رقم کی ہے، وزیر داخلہ محسن نقوی

لکی مروت (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت کے تھانہ غزنی خیل کی حدود میں پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار شہید ہوگئے، جبکہ ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس کے مطابق شہید پولیس اہلکار ڈیوٹی کے لئے جا رہے تھے کہ ان پر فائرنگ کردی گئی۔ دونوں اہلکار ڈاک ڈیوٹی پر تعینات تھے اور موٹر سائیکل پر ڈاک لینے تھانوں (بقیہ نمبر 34)

سعودی سرمایہ کاروں کو سپیشل پیکیج کے تحت مراعات دی جائیں گی، مریم نواز

پاک سعودیہ عوام کے دل یکساں دھڑکتے ہیں، پنجاب حکومت نے کاروباری ماحول کو بہتر بنانے کے لیے سیکیورٹی اور میرٹ کو یقینی بنایا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات خطے کے استحکام اور ترقی کے لیے نہایت اہم، سعودی عرب ہمیشہ پاکستان کیساتھ کھڑا رہے گا، شہزادہ منصور کی گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا ہے کہ سعودی عرب بڑا بھائی ہے، دونوں ممالک کے عوام کے دل یکساں دھڑکتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب سے سعودی عرب کے صوبہ حفر الباطن کے سابق گورنر شہزادہ منصور نے ملاقات کی ہے جس کے دوران مریم نواز نے کہا کہ سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کے لیے ہمیشہ برادرانہ تعاون کو سراہا ہے۔ ملاقات میں دو طرفہ تعلقات، باہمی تعاون، (بقیہ نمبر 37)



وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی میں ہونہار سکالرشپ کا چیک حاصل کرنیوالی طالبہ کو پیار کر رہی ہیں

وزیر اعظم کا انسانی سمگلنگ میں ملوث عناصر کو نشاعبرت بنانے کا حکم

انسانی سمگلروں کے سہولت کار سرکاری افسران کے خلاف حالیہ تادیبی کارروائیوں کا آغاز خوش آئند ہے، سہولت کاروں کے خلاف تادیبی کارروائی کے بعد سخت تعزیری اقدامات بھی لیے جائیں

سمگلروں کی جائدادوں اور اثاثوں کی ضبطگی کے لئے فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، اس مکروہ دھندے میں ملوث تمام افراد کے خلاف استغاثہ کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے، شہباز شریف کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ انسانی سمگلروں کے سہولت کار سرکاری افسران کے خلاف حالیہ تادیبی کارروائیوں کا آغاز خوش آئند ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ملک میں انسانی سمگلنگ کے خلاف (بقیہ نمبر 61)

توشہ خانہ ٹو کیس میں گواہ پر وکلائے صفائی کی جرح مکمل

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل میں بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان اور اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف (بقیہ نمبر 62)

جنگ زدہ افغانستان میں بھی پولیو کی صورتحال پاکستان سے بہتر

افغانستان میں 25 کیسز رپورٹ ہوئے، پاکستان میں پولیو وائرس کے 68 کیسز سامنے آئے

اسلام آباد (این این آئی) پولیو کیسز کے حوالے سے عالمی برادری کی نظریں پاکستان اور افغانستان پر جمی ہیں تاہم جنگ زدہ افغانستان میں پولیو کی صورتحال پاکستان سے کہیں بہتر ہے۔ میڈیا رپورٹ میں اعداد و شمار کے حوالے سے بتایا کہ افغانستان میں 2024 میں پولیو کے 25 کیسز رپورٹ (بقیہ نمبر 60)



ہنگو، روڈ بند ہونے کے باعث خوراک سے لوڈر ٹرک روڈ پر کھڑے ہیں

کرنسی پر کوئی دباؤ نہیں، آئی ایم ایف پروگرام پر مکمل طور پر کاربند ہیں، وزیر خزانہ

رواں مالی سال کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس رہنے کی توقع ہے، ملکی برآمدات میں 10 سے 12 فیصد اضافہ ہو رہا ہے، گورنر اسٹیٹ بینک

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایل سیز نہ کھلنے کی کوئی شکایت نہیں ملی، کسی بھی غیر ملکی کمپنی کو منافع باہر لے جانے کو نہیں روکا گیا، اس سے ظاہر ہوتا ہے کرنسی پر کوئی دباؤ نہیں ہے۔ اسلام آباد میں سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں وزیر (بقیہ نمبر 31)



لاہور، وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین محکمہ پلانٹ پروٹیکشن کراچی کا دورہ کر رہے ہیں



اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب سے پاپولیشن کونسل کا وفد ملاقات کر رہا ہے

سعودیہ، یو اے ای سمیت 4 ممالک سے 24 گھنٹوں میں 63 پاکستانی بیدخل

سعودی عرب سے بلیک لسٹ، بھکاری ہونے پر 15، زائد المیعاد قیام پر 10، ملائیشیا سے 16 پاکستانی بے دخل

کراچی (این این آئی) سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، عراق اور ملائیشیا سے 24 گھنٹوں کے دوران 63 پاکستانیوں کو بیدخل کر دیا گیا۔ امیگریشن ذرائع کے (بقیہ نمبر 52)

سابق ڈپٹی اسپیکر رولنگ کیس، سپریم کورٹ کے آئینی بینچ کا پرویز الٰہی کو نوٹس

پرویز الٰہی بھی کیس میں فریق، اُن کی طرف سے کون پیش ہوگا، جسٹس علی مظہر کا سوال

اسلام آباد (این این آئی) سابق ڈپٹی اسپیکر رولنگ کیس میں سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے پرویز الٰہی کو نوٹس جاری کر دیا۔ آئینی بینچ نے پرویز الٰہی کو نوٹس حمزہ شہباز نظر ثانی کیس میں جاری (بقیہ نمبر 51)

رمضان شوگر ملز ریفرنس: حمزہ شہباز کی حاضری معافی کی درخواست منظور

آئندہ سماعت پر بریت کی درخواست پر دلائل طلب، کیس کی سماعت 13 جنوری تک ملتوی

لاہور (این این آئی) رمضان شوگر ملز ریفرنس میں سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کر لی گئی۔ اینٹی کرپشن عدالت لاہور کے (بقیہ نمبر 40)



اسلام آباد، وزیر اعظم کی کوآرڈینیٹر رومینہ خورشید عالم سیمینار سے خطاب کر رہی ہیں

فیس لیس اپریزمنٹ سسٹم گٹھ جوڑ توڑنے کیلئے ہے، علی پرویز ملک

پاکستان کو نئے معاشی ماڈل کی ضرورت ہے، وزیر مملکت برائے خزانہ

لاہور (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں ایف بی آر میں بہتری نظر آئے گی، فیس لیس اپریزمنٹ سسٹم گٹھ جوڑ توڑنے کے لیے ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جو لوگ قانون میں رہ کر کام کرنا (بقیہ نمبر 36)

کرم میں دھرنا ملتوی، اشیائے ضروریہ کا 80 گاڑیوں پر مشتمل قافلہ روانہ

روڈ کلیئر ہوتے ہی چھپری سے پاراچنار کی جانب قافلہ روانہ کیا جائے گا، پولیس

کرم (این این آئی) اسی گاڑیوں پر مشتمل قافلے کو تحصیل ٹل سے کرم کی جانب روانہ کر دیا گیا ہے، صوبائی حکومت کی جانب سے دفعہ 144 کے تحت حساس علاقوں میں کرفیو نافذ (بقیہ نمبر 39)

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے برآمدات میں 10.52 فیصد اضافہ

گزشتہ سال 14.9 ارب ڈالر کے مقابلے میں برآمدات 16.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے مالی سال 25-2024 کے دوران جولائی تا دسمبر برآمدات میں 10.52 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ گزشتہ سال 14.9 ارب (بقیہ نمبر 46)

پاکستان سٹاک ایکسچینج: 924 پوائنٹس کا اضافہ

بازارِ حصص کا 100 انڈیکس 924 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 18 ہزار 511 پر آ گیا

کرچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں پیر کو کاروباری ہفتے کا مثبت آغاز ہوا ہے۔ بازارِ حصص کا 100 انڈیکس 924 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 18 ہزار 511 پر (بقیہ نمبر 47)

بھارتی وزیر داخلہ نے مقبوضہ کشمیر کا نام تبدیل کرنیکا شوشہ چھوڑ دیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی وزیر داخلہ امیت شاہ نے مقبوضہ کشمیر کا نام تبدیل کرنے کا شوشہ چھوڑ دیا۔ بھارتی میڈیا (بقیہ نمبر 50)

پی آئی اے کا فضائی آپریشنز میں بڑے پیمانے پر توسیع کا اعلان

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن (پی آئی اے) نے بین الاقوامی اور اندرون ملک فضائی آپریشنز میں (بقیہ نمبر 49)

یونان کشتی حادثہ، وزیر اعظم، وزرائے داخلہ و خارجہ عدالت طلب

75 پاکستانی جان کی بازی ہار گئے، حکومتی لاپرواہی کے باعث بیروزگار پاکستانی غیر قانونی طریقے سے ملک سے باہر گئے

لاپروائی برتنے پر حکومتی ذمے داروں کے خلاف روہڑی تھانے میں مقدمہ درج کیا جائے، درخواست گزار کا مؤقف

سکھر (این این آئی) یونان کشتی حادثے میں انسانی جانوں کے ضیاع کے معاملے پر سکھر کے ایڈیشنل سیشن جج ٹو نے وزیر اعظم شہباز شریف، اسحاق ڈار اور محسن نقوی کی طلبی کے لیے نوٹس جاری کر دیا۔ عدالت نے وزیر اعظم شہباز شریف، اسحاق ڈار، محسن نقوی اور ایس ایس پی سکھر کو 15 جنوری کو طلب کر لیا۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ حکومتی لاپرواہی کے باعث بے روزگار پاکستانی غیر قانونی طریقے سے ملک سے باہر گئے۔ درخواست (بقیہ نمبر 41)

مدارس رجسٹریشن، فضل الرحمان کے ہاتھ کچھ نہیں آیا، خالد مقبول

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے (بقیہ نمبر 44)

پاکستان میں غربت میں مزید اضافہ، ایک کروڑ 30 لاکھ پاکستانی غربت کا شکار

کراچی (این این آئی) پاکستان میں غربت میں مزید اضافہ ہوگیا، شرح میں (بقیہ نمبر 45)

شراب برآمدگی کیس، عدالت کا گنڈاپور کو گرفتار کر کے پیش کرنیکا حکم

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے (بقیہ نمبر 43)

غزہ پر اسرائیلی حملوں میں مزید 100 فلسطینی شہید

اسرائیلی طیاروں نے غزہ کے علاقے خان یونس میں پولیس اسٹیشن پر حملہ کیا، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے شمالی غزہ کے علاقوں میں بمباری کر کے مزید 17 فلسطینیوں کو شہید کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی طیاروں نے غزہ کے علاقے خان یونس میں پولیس اسٹیشن پر حملہ کیا۔ دوسری جانب رفح نصیرات اور جبالیا کیمپوں (بقیہ نمبر 54)

اعتزاز کی میراث آنے والی نسلوں کے لئے مشعل راہ ہے، وزیر اعظم

صرف 15 سال کی عمر میں اعتزاز نے بے مثال بہادری کا مظاہرہ کیا، برسی پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ شہید اعتزاز حسن نے بے مثال بہادری کا مظاہرہ کر کے اپنے سکول اور ہم جماعتوں کو دہشت گرد حملے سے بچاتے ہوئے اپنی جان قربان کی، اعتزاز کی میراث آنے والی نسلوں کے لئے مشعل راہ ہے۔ پیر کو پی ایم میڈیا آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے شہید اعتزاز کی برسی کے موقع پر کہا کہ آج ہم خیبر پختونخوا کے (بقیہ نمبر 30)

جمہوریت، پارلیمانی سیاست پر ہزاروں سوال اٹھ رہے ہیں، مولانا فضل الرحمٰن

خیبر پختونخوا میں بھی فارم 47 کی حکومت، ہمارے معاشرے میں فرقہ ورانہ عناصر کی موجودگی سے انکار نہیں کیا جاسکتا، سربراہ جے یو آئی

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ڈالر کمایا جاتا ہے، کب تک ہمارے خون پر ڈالر کمائے جاتے رہیں گے؟، تقریب سے خطاب

پشاور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستان کو اسلامی ملک بنانا ہمارے اکابرین کا شیوہ رہا ہے، ملک میں پارلیمانی جمہوری نظام پایہ دار نہیں اس پر سوال اٹھ رہے ہیں، خیبر پختونخوا میں بھی فارم 47 کی حکومت ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ڈالر کمایا جاتا ہے، کب تک ہمارے خون پر ڈالر کمائے جاتے رہیں گے؟۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمارے ایوانوں (بقیہ نمبر 48)



اسلام آباد، چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی راجہ خرم شہزاد تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بنگلا دیش، حسینہ واجد کے دوسری مرتبہ وارنٹ گرفتاری جاری

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش کی عدالت نے سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد (بقیہ نمبر 35)

پی ٹی آئی سیاسی اور کور کمیٹی مذاکراتی عمل میں آن بورڈ ہے، اسد قیصر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے رہنما اسد قیصر نے (بقیہ نمبر 38)

کسی سے کوئی بیک ڈور رابطے اور مذاکرات نہیں ہو رہے، بیرسٹر گوہر

عمران خان نے واضح کہا 190 ملین پاؤنڈ کا فیصلہ آنا چاہیے، انہوں نے کوئی ذاتی فوائد حاصل نہیں کیے، چیئرمین پی ٹی آئی

مذاکرات کے تیسرے راؤنڈ سے پہلے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرنی ضروری ہے، ہم نے حکومتی مذاکراتی کمیٹی کو بھی بتایا تھا، گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ ہمارے کوئی بیک ڈور رابطے نہیں، نہ کوئی مذاکرات ہو رہے ہیں، جو کمیٹی بانی پی ٹی آئی عمران خان نے بنائی ہے، وہی مذاکرات کر رہی ہے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومتی مزاکراتی کمیٹی کے ساتھ مذاکرات کے دو اجلاس ہو چکے ہیں، مذاکرات کے تیسرے راؤنڈ سے پہلے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرنی ضروری ہے، ہم نے (بقیہ نمبر 58)

لیڈی ہیلتھ ورکرز کو ریگولر کرنے کا کیس، سپریم کورٹ کی وکیل تبدیل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے لیڈی ہیلتھ (بقیہ نمبر 57)

ایپکس کمیٹی کے فیصلوں پر عملدرآمد شروع، پاراچنار روڈ پر چیک پوسٹوں کا قیام

پشاور (این این آئی) صوبائی حکومت نے ایپکس کمیٹی کے فیصلوں پر عملی طور پر کام شروع کر دیا، ٹل، پاراچنار روڈ پر 48 چیک (بقیہ نمبر 56)

جے یو آئی ف نے بلوچستان بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں امن و امان کے پیش نظر دو روز کے لئے موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس بند کر دی گئی۔ محکمہ داخلہ بلوچستان (بقیہ نمبر 55)

مدینہ منورہ میں موسلا دھار بارش اور ژالہ باری، صحرا زیر آب

جدہ اور مکہ مکرمہ میں بھی موسلا دھار بارش کے حوالے سے ریڈ الرٹ جاری

مدینہ منورہ (این این آئی) مدینہ منورہ اور اس کے ملحقہ علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش کے باعث صحرائی علاقے زیر آب آ گئے۔ متعدد علاقوں میں ژالہ باری بھی ہوئی۔ مسجد نبوی ﷺ میں بھی باران رحمت خوب جم کر برسی، زائرین نے بارش کے دوران اللہ کے (بقیہ نمبر 59)



کراچی، وفاقی وزیر احسن اقبال میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

حکومت نے کچی آبادی کو روکنے کیلئے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟ سپریم کورٹ

پہلے تو یہ بتایا جائے کچی آبادی کیا ہوتی ہے، بلوچستان میں تو سارے گھر کچے ہیں، صوبائی اختیار پر وفاقی حکومت کیا قانون سازی کر سکتی ہے، جسٹس جمال

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے کچی آبادی کیس میں وفاقی حکومت سے کچی آبادی سے متعلق پالیسی رپورٹ 2 ہفتوں میں طلب کر لی۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ کچی آبادی کو ریگولیٹ کرنے کا اختیار رو صوبوں اور لوکل گورنمنٹ کا ہے، جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ صوبائی اختیار پر وفاقی حکومت کیا قانون سازی کر سکتی ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ پہلے تو یہ بتایا جائے کچی آبادی کیا ہوتی ہے۔



لاہور، ریڈیو پاکستان کے ملازمین مطالبات کے حق میں پریس کلب کے باہر مظاہرہ کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

وزیراعلیٰ مریم نواز کی بہاالدین زکریا یونیورسٹی ملتان میں ہونہار سکالرشپ تقریب میں شرکت

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سٹوڈنٹ کی طرف سے تحفے میں ملنے والی اجرک کو اپنی چادر اتار کر اوڑھ لی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بہاالدین زکریا یونیورسٹی ملتان میں ہونہار سکالرشپ پروگرام کی تقریب میں شرکت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تقریب کے دوران سٹوڈنٹ کی طرف سے تحفے میں ملنے والی اجرک اپنی چادر اتار کر اوڑھ لی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف طالبات کے درمیان بیٹھ گئیں اور شرکاء کے پاس جا کر خود سلام کیا۔ بصارت سے محروم پہلیش طالبہ نے فلوٹ کی دھن پر قومی ترانہ پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خود جنچ پرکھ کر طالبہ کا ہاتھ پکڑ کر شست پر لے آئیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے طالبات اور نعت کی سعادت پیش کرنے والے طلبہ سے اظہار شفقت کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہونہار سکالرشپ حاصل کرنے والے طلبہ میں چیک تقسیم کیے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر طالب علم اور طالبہ کو شاباش دی اور اظہار شفقت کیا۔ ہونہار سکالرشپ حاصل کرنے والے طلبہ کو وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر گولڈ آف آنریشن کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف طالبات کے درمیان بیٹھ گئیں اور شرکاء کے پاس جا کر خود سلام کیا۔ بصارت سے محروم پہلیش طالبہ نے فلوٹ کی دھن پر قومی ترانہ پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خود جنچ پرکھ کر طالبہ کا ہاتھ پکڑ کر شست پر لے آئیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے طالبات اور نعت کی سعادت پیش کرنے والے طلبہ سے اظہار



لاہور: کمشنر لاہور زید بن مقصود امور و اقدامات کیلئے کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

لاہور میں پچھلے 10 دنوں میں ٹریفک روانی میں رکاوٹ تجاوزات پر 13 سو ایف آئی آرز درج ہوئی ہیں، بریفنگ

جی ٹی روڈ۔ رنگ روڈ تاوا باگہ سڑک کے ساتھ سٹارم واٹر ڈرین وسیوریج کیلئے تکنیکی کام واسا کرے گا، کمشنر لاہور زید بن مقصود

کمرشل ایریاز اور ڈومیسٹک ایریاز میں صفائی کے حوالے سے پلاننگ پر بریفنگ دی گئی

لاہور (خبرنگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود کی زیر صدارت لاہور امور و اقدامات کمیٹے کو آرڈینشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ کمشنر لاہور نے صفائی ستھرائی، محفوظ ٹریفک روانی کیلئے روڈ مارکنگ، زیبرا کراسنگ و سائنج کیلئے ٹریفک وارڈنز کی تعیناتی، ٹریفک روانی و بلیو پلاننگ کے جائزہ لیا۔ اجلاس میں سی سی او لاہور نے شہر میں ٹریفک روانی پر جامع بریفنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ لاہور میں پچھلے 10 دنوں میں ٹریفک روانی میں رکاوٹ تجاوزات پر 13 سو ایف آئی آرز درج ہوئی ہیں، ٹریفک پولیس ضلعی انتظامیہ اور پہلے مرحلے میں ٹریفک روانی و ٹکن کیلئے مقامی اقوام اٹھا رہی ہے، شہر کے چوکوں چوراہوں اور اہم سڑکوں پر تجاوزات کی تمام کیٹیگریز کے خاتمے کیلئے بھی بلا چنگ جاری ہے، ٹریفک پولیس پنجاب سیٹ سٹی کمشنر لاہور کے ایڈیشنل لیگر مانیٹرنگ کو جامع کررہی ہے، اراضی صاحب دربار کے قریب میں رکاوٹ تجاوزات پر 13 سو ایف آئی آرز درج ہوئی ہیں، ٹریفک پولیس ضلعی انتظامیہ اور پہلے مرحلے میں ٹریفک روانی و ٹکن کیلئے مقامی اقوام اٹھا رہی ہے، شہر کے چوکوں چوراہوں اور اہم سڑکوں پر تجاوزات کی تمام کیٹیگریز کے خاتمے کیلئے بلا چنگ جاری ہے، ٹریفک پولیس پنجاب سیٹ سٹی کمشنر لاہور کے ایڈیشنل لیگر مانیٹرنگ کو جامع کررہی ہے، اراضی صاحب دربار کے قریب زیر صدارت لاہور امور و اقدامات کمیٹے کو آرڈینشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ کمشنر لاہور نے صفائی ستھرائی، محفوظ ٹریفک روانی کیلئے روڈ مارکنگ، زیبرا کراسنگ و سائنج کیلئے ٹریفک وارڈنز کی تعیناتی، ٹریفک روانی و بلیو پلاننگ کے جائزہ لیا۔ اجلاس میں سی سی او لاہور نے شہر میں ٹریفک روانی پر جامع بریفنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ لاہور میں پچھلے 10 دنوں میں ٹریفک روانی میں رکاوٹ تجاوزات پر 13 سو ایف آئی آرز درج ہوئی ہیں، ٹریفک پولیس ضلعی انتظامیہ اور پہلے مرحلے میں ٹریفک روانی و ٹکن کیلئے مقامی اقوام اٹھا رہی ہے، شہر کے چوکوں چوراہوں اور اہم سڑکوں پر تجاوزات کی تمام کیٹیگریز کے خاتمے کیلئے بلا چنگ جاری ہے، ٹریفک پولیس پنجاب سیٹ سٹی کمشنر لاہور کے ایڈیشنل لیگر مانیٹرنگ کو جامع کررہی ہے، اراضی صاحب دربار کے قریب

عالمی سب میرین کیبل میں خرابی سے پاکستان میں انٹرنیٹ سروس تاحال متاثر

انٹرنیٹ ٹریفک کو متبادل روٹ پر منتقل کر دیا' وزارت آئی ٹی کا دعویٰ

لاہور (این این آئی) عالمی سب میرین کیبل میں خرابی سے پاکستان میں انٹرنیٹ سروس تاحال متاثر ہے جبکہ وزارت آئی ٹی کا دعویٰ ہے کہ متبادل روٹ پر انٹرنیٹ ٹریفک کو منتقل کر دیا گیا ہے تاہم صارفین کو بدستور براؤزنگ، ویڈیو اپ لوڈنگ اور ڈاؤن لوڈنگ میں مشکلات کا سامنا ہے۔ وزارت آئی ٹی کا دعویٰ ہے کہ ایک ہزار گیگا بائٹس فی سیکنڈ سے آگے تو بیس گیگا بائٹس کا متبادل بندوبست کر دیا گیا۔ ایک سو ستر گیگا بائٹس فی سیکنڈ کا بھی تک سامنا ہے۔ کنٹینر مدسب میرین کیبل ڈبل ایس ای ای میں خرابی سے ایک ہزار گیگا بائٹس فی سیکنڈ ڈیٹا ٹریفک متاثر ہوئی تھی۔ وزیر مملکت آئی ٹی شزرافہ ناظمے ارجاء بیان میں کہا کہ ہم نہیں گیگا بائٹس فی سیکنڈ ٹریفک کو متبادل روٹ پر منتقل کر دیا گیا۔ ایک سو ستر گیگا بائٹس فی سیکنڈ ٹریفک کو بھی جلد متبادل روٹ پر منتقل کر دیں گے۔



لاہور: سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال چیف منسٹر پنجاب انٹرن شپ پروگرام کے حوالے سے پنجاب اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کرم وپار اچنار خطرناک صورت حال اختیار کر چکا ہے، صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر

ایک مظلوم لاش کی تکت فروقرادیت کو ہوا دی جارہی ہے تاکہ آگ ملک میں پھیلائی جائے، عمائد بیجیتی کونسل پاکستان افغانستان کے درمیان کشیدگی پر تشویش کا اظہار کرتی ہے، حکومت ہندوستان سے مذاکرات کرنے کے لیے تیار ہے۔

لاہور (این این آئی) صدر سیکرٹری جنرل بیجیتی کونسل پاکستان ڈاکٹر احزاد ابوالخیر محمد زبیر نے کہا ہے کہ کرم وپار اچنار خطرناک صورت حال اختیار کر چکا ہے، مرکزی وصوبائی حکومت، سیکیورٹی فورسز پورا زور لگانے کے باوجود وہاں امن قائم کرنے میں ناکام نظر آتی ہیں، علاقہ میں حکومتی رٹ کا فقدان ہے، ایک مظلوم لاش کی تکت فروقرادیت کو ہوا دی جارہی ہے تاکہ آگ ملک میں پھیلائی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ظاہر کونسل پاکستان کے چیپٹرز میں صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی کی میزبانی میں ہونے والی بیجیتی کونسل پاکستان کی مرکزی مجلس عاملہ کے اجلاس کے بعد سیکرٹری جنرل بیجیتی کونسل پاکستان ڈاکٹر احزاد ابوالخیر محمد زبیر نے کہا کہ کرم وپار اچنار پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا کا حصہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 7 جنوری 2024ء

کروڑوں روپے کی ری وہ پمپنگ کے بعد علامہ اقبال اسپتال سیالکوٹ کی چھتیں ٹپکنے لگیں

50 کروڑ خطیر رقم کے بعد اسپتال کی سیلنگ گرنے کی متعدد واقعات، انتظامیہ خاموش، شہریوں کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے انکوائری کا مطالبہ کردیا

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سیالکوٹ ڈسٹرکٹ کے سب سے بڑے سرکاری اسپتال گورنمنٹ علامہ اقبال ٹیچنگ اسپتال سیالکوٹ میں پنجاب حکومت کی جانب سے تقریباً پچاس کروڑ خطیر رقم کی لاگت سے ری ویمپنگ کرانے کے بعد کے اندرونی مناظر دل دہلا دینے والے ہیں۔ متعدد بار ضلع بھر کے طول وارض سے گورنمنٹ علامہ اقبال اسپتال میں علاج معالجہ کے لئے روزانہ آئے شہریوں کی مصروف ترین جگہ او پی ڈی کی اکثر کمروں کی چھتیں ٹپکنے کے واقعات عام ہیں اور نتیجتاً ابتک کچھ کمروں کی سیلنگ بھی چھتیں ٹپکنے کے بعد گریں مگر خوش قسمتی سے ڈاکٹرز و مریض محفوظ رہے۔ اس بارے اطلاع ملنے پر روزنامہ قوت نے جب آؤ پی ڈیز کے ان کمروں میں موجود میل فی میل ڈیوٹی ڈاکٹرز کیساتھ رابطہ کرکے خود او پی ڈی کمروں میں اندرونی چھتوں کی تصاویر کھینچیں تو او پی ڈی میں موجود ڈیوٹی ڈاکٹروں وطبی عملہ کا کہنا تھا کہ او پی ڈی کی چھتیں ٹپکنے کیوجہ سے اندر لگی کچھ کمروں کی چاک والی بھاری بھرکم سیلنگ اچانک گری مگر خوش قسمتی کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ڈیوٹی ڈاکٹرز وطبی عملہ نے روزنامہ قوت سے گفتگو میں اپنے نام وغیرہ صیغہ راز رکھنے کی شرط پر بتایا کہ جب میڈیکل سپرنٹینڈنٹ گورنمنٹ علامہ اقبال اسپتال سیالکوٹ کو اس بارے آگاہ کیا تو انہوں نے او پی ڈی کے وہ متاثر کمرے تالے لگوا کر بند کیے اور ہمیں منع کیا کہ اس کا ذکر نہ کیا جائے۔ اب ہمارے ان کمروں کی چھتیں بھی ٹپک رہی ہیں اور سیلنگ پانی کیوجہ سے حتمہ حال اور کسی بھی وقت گر سکتی ہے اور عین نیچے ڈاکٹرز و مریض موجود ہوتے ہیں دوسری جانب نئے سپلٹ یونٹس میں بھی چھت کا پانی جارہا ہے۔ واضع رہے کہ گورنمنٹ علامہ اقبال ٹیچنگ اسپتال میں کروڑوں روپے کی لاگت سے ری ویمپنگ نما سرخی پوڈر کے بعد جہاں بلڈنگ کے حالات مخدوش ہیں وہیں گورنمنٹ علامہ اقبال ٹیچنگ اسپتال سیالکوٹ میں سیکورٹی کے حالات انتہائی ابتر ہیں کہ اسپتال انتظامیہ کی بے حسی جابجا دیکھی جاسکتی ہے۔



کینیڈا پلٹ نوجوان پر نامعلوم مسلح افراد کی اندھا دھند فائرنگ

ملزمان دوبارہ حملہ کرنے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہوگئے



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) کینیڈا پلٹ نوجوان پر نامعلوم مسلح افراد کی اندھا دھند فائرنگ، علاقہ میں خوف و ہراس پھیل گیا، قاتلانہ حملہ میں محمد شعیب نے بھاگ کر جان بچائی، ملزمان دوبارہ حملہ کرنے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہوگئے پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی تفصیلات کے مطابق محمد شعیب گزشتہ 8 سال سے اپنی فیملی کے ہمراہ کینیڈا میں مقیم ہے چند روز قبل محمد شعیب ولد عبدالمالک قوم مغل سکنہ گلی نمبر 1 مکان نمبر P-1718 ریڈکس روڈ محلہ رشید نگر فیصل آباد میں اپنے والدین سے ملنے آیا تھا اسی دوران محمد شعیب اپنے ماموں احسان اللہ اور دوست حمزہ گجر کے ساتھ 2 جنوری 2025ء بروز جمعرات رات تقریباً 15:2 پر گھر کے قریب واک کررہے تھے کہ اچانک دو مسلح نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ شروع کردی، اچانک حملے سے وہ خوفزدہ ہوگئے اور بھاگ کر دیوار کی اوٹ میں چھپ کر بڑی مشکل سے جان بچائی ملزمان نے تھوڑی دیر فائرنگ کی اور محمد شعیب کو للکارتے ہوئے اس کے چھوٹے بھائی محمد صہیب کا نام لیکر پھر حملہ کرنے اور قتل کرنے کی دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہوگئے، پولیس نے مقدمہ نمبر 25/15 دفعات H2/34-337 ت پ کے تحت بتاریخ 03-01-2025 درج کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے تاہم ابھی تک پولیس ملزمان کو پکڑ نہیں سکی۔

قائد محترم علامہ سعد حسین رضوی اور انس رضوی کو بہن کی شادی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، گلفام مصطفیٰ سیہول

علامہ خادم حسین رضوی نے ختم نبوت کے تحفظ کیلئے جس تحریک کا آغاز کیا تھا اس کی جڑیں پوری دنیا میں مضبوط ہو چکی ہیں، رمضان مصطفیٰ سیہول





نارنگ منڈی (میاں معظم سے) قائد محترم علامہ سعد حسین رضوی اور انس رضوی کو بہن کی شادی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں تحریک لبیک واحد جماعت ہے جس کا ایجنڈا ختم نبوت کا تحفظ اور اسلامی اقدار کی حفاظت ہے ان شاءاللہ اس مشن کیلئے ہر کوشش جاری رکھیں گے ان خیالات کا اظہار تحریک لبیک پی پی 136 کے سابق ٹکٹ ہولڈر چوہدری رمضان مصطفیٰ سیہول اور نائب امیر پی پی 136 چوہدری گلفام مصطفیٰ سیہول ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ علامہ خادم حسین رضوی نے ختم نبوت کے تحفظ کیلئے جس تحریک کا آغاز کیا تھا اس کی جڑیں پوری دنیا میں مضبوط ہو چکی ہیں ٹی ایل پی ملک کی تیسری بڑی قوت ہے ان شاءاللہ ایک دن اسلامی نظام کا نفاذ ضرور یقینی بنے گا۔

بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں آج بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 9 بجے سے دن 2 بجے تک 8,15,22,29 جنوری کو شوگر مل، اجالا، باغ، غازی شاہ فیڈرز، 8,15 جنوری کو ملت، باغ، پیرکوٹ، نورے والا، سرگودھا روڈ، ماڑی شاہ شمیرہ فیڈرز، 9 جنوری کو کالج، ملہو آنہ، مسن، کوٹ امیر، لکھی شاہ، اٹھارہ ہزاری فیڈرز، 13 جنوری کو سٹی، عمران شہید، رسول پور، سخن، کرن، رکھ ڈھینگانہ فیڈرز، 14 جنوری کو کالج روڈ، تریموں، کوٹ خان، سوبھاگ، کوٹ سلطان، لاشاری فیڈرز، 16 جنوری کو ریواز، ملہو آنہ، مسن، کوٹ امیر، لکھی شاہ، اٹھارہ ہزاری فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی۔

چکوال پولیس کا بچھڑے ہوؤں کو اپنوں سے ملانے کی روایت برقرار

چکوال (ایم ایوب سلطانی) چکوال پولیس کا بچھڑے ہوؤں کو اپنوں سے ملانے کی روایت برقرار وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب اور آر پی او راولپنڈی کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین کے فوری نوٹس پر چکوال پولیس نے گمشدہ بچے کو والدین سے ملا دیا۔ ایس ڈی پی او صدر سرکل چکوال میڈم سارہ علی ہاشمی کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ سٹی چکوال، اسسٹنٹ سب انسپکٹر نقاش علی نے اپنی ٹیم کیساتھ ملکر گمشدہ بچے کو ٹریس کرکے بچہ والدین کے حوالے کر دیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ سٹی چکوال اور انکی ٹیم نے تمام ٹیکنیکی وسائل بروئے کار لاتے ہوئے اور کمیونٹی پولیسنگ کے ذریعے بچے کو تلاش کیا اور بچے کو بخیریت اسکے والدین کے حوالے کیا جس پر بچے کے والدین نے ڈی پی او چکوال، اور تھانہ سٹی چکوال کی تمام ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور ڈھیروں دعائیں دیں۔

عمران خان کی رہائی قریب ہے، شہباز احمد کڑھائی والے



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) عمران خان کی رہائی قریب ہے سازش رچانے والوں کے ہاتھ کچھ نہیں آیا دنیا جانتی ہے کہ عمران خان صاف ہیں انہیں ذاتی انائی بھینٹ چڑھایا گیا من پسند فیصلے چاہنے والوں نے قانون اور آئین کو کمزور کردیا ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز احمد کڑھائی والے نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ اتنی رکاوٹوں اور مشکلات کھڑی کرنے کے باوجود تحریک انصاف مضبوط ہے ہمارا مشن خوشحالی ہے جس کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے عمران خان کو کمزور کرنے کے سارے منصوبے فلاپ ہوگئے ہیں ان کی جرآت اور بہادری کو سلام پیش کرتے ہیں۔

مولوی ضیاء الرحمن گلی اقبال کا مریٹ والی میں انتقال کرگئے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) نیشنل بینک کے ریٹائرڈ ہیڈ کیشئر اور ملک کے معروف نعت خواں حاجی عبدالرحمن نثار مرحوم کے جواں سال بیٹے، مرکز الاحسان کے امیر مصباح الرحمن کے بڑے بھائی اور المسلم ہائی کلب کے سینئر کھلاڑی مولوی ضیاء الرحمن گلی اقبال کامریٹ والی میں انتقال کرگئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ قبرستان ریلوے لائن والے میں ادا کی گئی جس میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

مصالحوں کو رنگ لگا کر بازار میں فروخت کرنے والا یونٹ پکڑا گیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) مصالحوں کو رنگ لگا کر بازار میں فروخت کرنے والا یونٹ پکڑا گیا ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز عطاء عارف کی سربراہی میں فوڈ اتھارٹی کا غلہ منڈی میں مصالحے پیک کرنے والے یونٹ پر چھاپہ اوکاڑہ-20 من سے زائد سرخ مرچیں، 50 کلو لکڑی کا برادہ، 20 کلو پیکنگ ریلز، 5 کلو رنگ برآمد 60 کلو ہلدی پاؤڈر اور مشینری بھی قبضے میں لے لی گئی۔ مالکان کیخلاف ایف آئی آر درج، ایک شخص کو پولیس نے موقع سے گرفتار کرلیا۔ لکڑی کے برادے کو رنگ لگا کر ہلدی اور مرچوں میں ملایا جارہا تھا۔ مصالحہ جات کی پیکنگ کیلئے مس برانڈڈ اور جعلی میٹریل استعمال کیا جارہا تھا۔ جعلی پیکنگ کے اوپر معروف برانڈز کا نام اور پتہ درج کیا گیا تھا۔ ٹیسٹ کے دوران مرچوں اور ہلدی پاؤڈر میں رنگ کی ملاوٹ پائی گئی۔ پاؤڈر کے مزید سیمپل لے کر جانچ کیلئے لیبارٹری بھجوادیے گئے۔ مصالحہ جات اور پیکنگ میٹریل ضبط کرکے فوڈ بزنس مالکان کیخلاف دیپالپور تھانے میں ایف آئی آر درج کروادی گئی۔ جعل ساز مافیا کو کسی صورت رعایت نہیں دی جائے گی۔ کسی بھی شکایت کی صورت میں فوڈ اتھارٹی کی ہیلپ لائن 1223 پر رابطہ کریں۔

ساہیوال شہر بھر میں تجاوزات کیخلاف کارروائیوں کا آغاز

اسسٹنٹ کمشنر رانا اورنگزیب کی نگرانی میں انفورسمنٹ انسپکٹر خالد ضیاء اور ان کی ٹیم نے جھال روڈ پر غیرقانونی تعمیر کئے گئے تھڑوں کو مسمار کردیا گیا

ساہیوال (مہر اسے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن شعیب اقبال سید کی خصوصی ہدایت پر شہر میں پختہ تجاوزات کے خلاف کاروائیوں کا آغاز، جھال روڈ پر بنائی گئی غیرقانونی تعمیرات کو مسمار کردیا گیا۔ چرچ روڈ پر دوتندوروں کو بھی گرادیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب نے کاروائیوں کی نگرانی کی، انفورسمنٹ انسپکٹر خالد ضیاء۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن شعیب اقبال سید کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے میونسپل کارپوریشن کی جانب سے مستقل تجاوزات کے خلاف کاروائیوں کا آغاز کردیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں اسسٹنٹ کمشنر رانا اورنگزیب کی نگرانی میں انفورسمنٹ انسپکٹر خالد ضیاء اور ان کی ٹیم نے جھال روڈ پر غیرقانونی تعمیر کئے گئے تھڑوں کو مسمار کردیا گیا۔ اسی طرح چرچ روڈ پر تجاوزات کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے دوتندوروں کو بھی گرادیا گیا ہے۔ کمشنر/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن شعیب اقبال سید کی خصوصی ہدایت پر شہر میں پختہ تجاوزات کے خلاف کاروائیوں کا آغاز، جھال روڈ پر بنائی گئی غیرقانونی تعمیرات کو مسمار کردیا گیا۔ چرچ روڈ پر دوتندوروں کو بھی گرادیا گیا۔



ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان کا ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ کا دورہ، ای ٹیسٹ اور سکلز ٹیسٹ کا جائزہ

بغیر لائسنس گاڑی چلانے والوں کے خلاف کارروائی، شہریوں سے قانونی تقاضے پورے کرنے کی اپیل

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے انچارج لائسنسنگ برانچ انسپکٹر محمد پرویز کے ہمراہ ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ کا دورہ کیا اور ڈرائیونگ لائسنسوں کے اجراء کے حوالے سے امیدواروں کے جاری ای ٹیسٹ و ڈرائیونگ سکلز ٹیسٹوں کا جائزہ لیا انہوں نے امیدواروں سے ملاقاتیں کرکے عملدرآمد کی کارکردگی بھی دریافت کی اس موقع پر ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے میڈیا کو بتایا کہ ای ٹیسٹ اور سکلز ٹیسٹ روزانہ کی بنیاد پر لئے جارہے ہیں اور تمام امیدواروں کو اپنی ڈرائیونگ میں مہارت دکھانے کا پورا موقع دیا جارہا ہے تاکہ انہیں میرٹ پر ڈرائیونگ لائسنسوں کا فوری اجراء ممکن ہوسکے اس ذمہ داری کی انجام دہی کی خاطر ڈرائیونگ لائسنس برانچ کے تمام افسران وعملہ مستعدی سے اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے۔

سیالکوٹ میں تجاوزات کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ سی او اعجاز ملک

ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ اپریشن لیڈ کررہے ہیں



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ محمد اعجاز ملک کی زیر نگرانی انچارج انکروچمنٹ سیل میونسپل کارپوریشن متصبر بلوخان کی زیر قیادت شیر کے وسطی بازاروں سمیت شہباپورہ وسردار بیگم چوک سے تحصیل بازار میں بااثر تجاوزات مافیا کیجانب سے ناجائز تجاوزات کیخلاف انکروچمنٹ آپریشن جاری ہے۔ اس دوران بھاری مشینری و پولیس لفٹر کی مدد سے پختہ وعارضی ناجائز تجاوزات گرائی گئیں جس کے بعد کچھ تجاوزات کرنے والوں کیخلاف استغاثہ جات بھی دائر کئے گئے۔۔ اس موقع پر آپریشن لیڈ کرتے ہوئے مستنصر بلو خان نے میڈیا ٹاک میں کہا کہ شہر کے بیرونی روڈز پر انکروچمنٹ آپریشن کے بعد اب وسطی شہر بھر میں تجاوزات کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے اور اس سلسلہ میں کوئی بھی شخص قانون سے بالاتر ہے نہ ہی کوئی بااثر شخص مانع آتا ہے۔ ہم ڈپٹی کمشنر و ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ کے احکامات اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ محمد اعجاز ملک کی زیر نگرانی آپریشن کی تکمیل تک انکروچمنٹ آپریشن جاری رکھیں گے۔

ڈائیز اینڈ کیمیکل ایسوسی ایشن امام بارگاہ روڈ کی ماہانہ میٹنگ

پاکستان کا ہر غریب مہنگائی اور سوئی گیس و بجلی کے بلوں سے سخت پریشان ہے



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ڈائیز اینڈ کیمیکل ایسوسی ایشن امام بارگاہ روڈ کی ماہانہ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے گروپ لیڈر میاں ایوب صابر، عاطف منیر شیخ مرزا محمد اسلم، صدر افتخار مغل نے کہا کہ آج پاکستان کا ہر غریب آدمی بدترین مہنگائی اور سوئی گیس و بجلی کے بلوں سے سخت پریشان ہے آمدن نہ ہونے کے برابر، اخراجات پہاڑ کے برابر ہو چکے ہیں خدا کے لیے غریبوں پر رحم کیا جائے نئے سال کے آغاز سے ہی حکومت نے بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر چکی ہے اگر یہ اضافہ برقرار رہا تو پیداواری لاگت بڑھنے سے نہ صرف معیشت کو تقویت دینے والی ملکی ایکسپورٹ پر منفی اثرات مرتب ہونگے بلکہ مہنگائی کو بڑھائیں گے اور بے روزگاری کے سونامی میں چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم کی وارداتوں کو تقویت ملے گی مہنگائی میں جکڑے عوام پر ترس کھاتے ہوئے سکھ کا سانس لینے کیلئے حکومت بجلی و گیس LPG پٹرول کی قیمتوں میں کیا گیا اضافہ واپس کرائیں تاکہ مہنگائی کچھ کم ہو سکے انھوں نے مزید کہا پالیسی میکروں کی غیر معقول پالیسیوں کے باعث ملکی برآمدات کی نمو بری طرح متاثر ہو رہی ہے مسئلے کے حل کیلئے حکومت کو پاکستان کی معیشت کو خصوصی کاروبار، تجارت پالیسیوں اور سرمایہ کاری کے زمرے میں اصلاحات کی ضرورت کو پورا کرنا ہوگا اصلاحی تدابیر کے بغیر ملک میں معیشت کی بحرانی حالت دور نہیں ہوگی انھوں نے مطالبہ کیا کہ ٹیکسٹائل و برآمدی سیکٹر کی ترقی کی طرف فوری طور پر مثبت اقدامات اٹھائے جائیں۔

فلاحی ادارہ ایم ایم فاؤنڈیشن پاکستان کی ریسکیو ٹیم نے 270 سے زائد مریضوں کو ہسپتال منتقل



کھڑیانوالہ (شبیر احمد قادری) فلاحی ادارہ ایم ایم فاؤنڈیشن پاکستان کی ریسکیو ٹیم نے 270 سے زائد مریضوں کو ہسپتال منتقل کیا۔ متعدد ڈیتھ بلڈیز کو گھروں میں منتقل کیا۔ روڈ ایکسیڈنٹ کے درجنوں زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا انوار الحق اعوان، سلیم۔ ملک، ملک طاہر، زاہد قادری، مولوی رازق، مدثر ایڈووکیٹ، ظہور سہو، مصطفیٰ کلو، چوہدری علی وڑائچ، چوہدری صہیب گل، ڈاکٹر صغیر عمران، رانا یوسف، میاں شاہد ودیگر نے بانی فاؤنڈیشن رفیق حسین وٹیم کی کاوشوں کو سہراتے ہوئے کہا کہ یہ ایریا کے لیے احسن اقدام ہے۔ شہریوں کی زندگیاں بچانے میں اہم قدم ہے۔ عام اور ایمرجنسی مریضوں کو بڑی سہولت ہے۔ جس سے لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔ ادارہ دینی درس گاہ، مسجد کے ساتھ ساتھ غرباء میں راشن کی تقسیم، یتیم بچیوں کی شادی میں بھی معاونت کر رہا ہے۔ شہریوں نے مزید کہا کہ رفیق حسین کے ساتھ ساتھ میاں عبدالحمید، طاہر قادری، محسن جاوید، کاشف حمید، ڈاکٹر قمر شبیر قادری سمیت تمام معاونین خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ جن کی بدولت یہ ادارہ انسانیت کی بھلائی کر رہا ہے۔ ٹیم کی انتھک کوشش سے ادارہ مزید فلاحی کام بھی سرانجام دے رہا ہے۔

دوکاندار سے بھتہ مانگنے اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دوکاندار سے بھتہ مانگنے اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج نسبت روڈ ڈسکہ کا اعجاز اپنے بھائیوں کے ہمراہ دوکان پر موجود تھا کہ اسی دوران ملزم جمشید چٹھہ اپنے نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ مسلح آتشیں اسلحہ آگیا اور آتے ہی ان بھائیوں پر اسلحہ تان کر سنگین نتائج کی دھمکیاں دینا شروع کردیں اور ملزم نے ان سے بیس لاکھ روپے بھتہ کی ڈیمانڈ کی اور زبردستی ان کی دوکان بھی بند کروادی پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

پاراچنار (کے پی کے) اور تربت (بلوچستان) میں ایک بار پھر دہشت گردی کی بھیانک کارروائیوں پر افسردہ ہیں، چوہدری حبیب الحق

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) صدر انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی اوکاڑہ چوہدری حبیب الحق نے پاراچنار اور تربت واقعات کے حوالے سے کہا ہے کہ گزشتہ روز کرم پاراچنار (کے پی کے) اور تربت (بلوچستان) میں ایک بار پھر دہشت گردی کی بھیانک کارروائیاں ہوئی ہیں جن پر ہم انتہائی افسردہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا چوہدری حبیب الحق نے کہا کہ کرم میں متعدد افراد زخمی ہوئے ہیں جن میں ڈپٹی کمشنر اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار بھی شامل ہیں، اب تک تربت میں ہونے والے دھماکے میں 4 معصوم شہری جان کی بازی ہار چکے ہیں اور 32 سے زائد شدید زخمی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ہمدردیاں ان لوگوں کے ساتھ ہیں جنہوں نے اپنے پیاروں کو کھو دیا ہے اور ہم زخمی ہونے والوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعاگو ہیں، ہم اپنی دیرینہ تشویش کا اعادہ کرنا چاہتے ہیں کہ خاص طور پر بلوچستان میں سیکورٹی کی صورتحال تشویشناک ہے۔ اور اس پر فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردی کا فوری نوٹس لینا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ اس حقیقت کے باوجود کہ تمام ہم سٹیک ہولڈرز بشمول جرگہ مشران (دونوں طرف سے) نے امن معاہدے پر دستخط کر دیے تھے، پاراچنار کی طرف قافلوں کو منتقل کرنے کے لیے مقرر کردہ دن پر ایسا پرتشدد واقعہ رونما ہونا قابل تشویش ہے۔

صدر ینگ پارلیمینٹیرینز فورم سیدہ نوشین افتخار کی یونان کشتی حادثہ کے شکار عبداللہ اور قاسم کے گھر کوریکی آمد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) صدر ینگ پارلیمینٹیرینز فورم سیدہ نوشین افتخار کی یونان کشتی حادثہ کے شکار عبداللہ اور قاسم کے گھر کوریکی آمد عبداللہ کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار تعزیت اور دعائے مغفرت کی اور قاسم کی بیوہ ماں کو بھی دلاسہ دیا ڈسکہ کے موضع کوریکی سے تعلق رکھنے والے محمد قاسم اور عبداللہ جو 14 دسمبر کو یونان کشتی حادثہ کا شکار ہوئے محمد عبداللہ کی تو میت مل جانے کے بعد تدفین کردی گئی ہے جبکہ محمد قاسم تاحال لاپتہ ہے ایم این اے 73 سے منتخب رکن قومی اسمبلی صدر ینگ پارلیمینٹیرینز فورم سیدہ نوشین افتخار کوریکی میں ان کے گھر گئیں انہوں نے عبداللہ کے والد ظفر اقبال اور اہل خانہ سے اظہار تعزیت کیا اور دعائے مغفرت کی انہوں نے محمد قاسم کی بیوہ ماں سے بھی ملاقات کی ان کو دلاسہ دیا اور صبر کی تلقین کی انہوں نے کہا کہ لواحقین کے غم میں شریک ہیں اللہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے

چھانگا مانگا، میں بھی مہنگائی کا طوفان تھم نہ سکا، شہری پریشان

گھی کی قیمت بھی آسمان سے باتیں کرنے لگی شہری پریشان، وزیراعلیٰ نوٹس لیں مطالبہ

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) چھانگا مانگا، میں بھی مہنگائی کا طوفان تھم نہ سکا چند روز قبل 410 روپے فی کلو فروخت ہونے والا چکن 7 سینچریاں کراس کرگیا گھی کی قیمت بھی آسمان سے باتیں کرنے لگی شہری پریشان وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر کی طرح چھانگا مانگا میں بھی مرغی کے گوشت کی قیمت کو پر لگ گئے دس روز قبل 410 روپے فی کلو فروخت ہونے والا گوشت 700 روپے فی کلو فروخت ہونے لگا چکن کی قیمت میں روز بارو ز بڑھتے ہوئے اضافے نے عوام کی چیخیں نکلوا دیں مہنگائی کے باعث چکن کھانا بھی غریب شہریوں کیلئے خواب بن کر رہ گیا مہنگائی کے اس گئے گزرے دور میں چکن بھی غریب شہریوں کی قوت خرید سے باہر ہو گیا اس کے علاوہ باقی بھی ضروریات زندگی کی اشیاء بھی مہنگے داموں فروخت ہونے لگی گھی کی قیمت بھی آسمان سے باتیں کرنے لگی، شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ کیا ہے کہ چکن اور مہنگائی مافیا کو نکیل ڈال کر چکن اور دوسری چیزوں کی قیمت کو عوامی دسترس میں لایا جائے تاکہ غریب آدمی بھی با آسانی چکن اور دیگر اشیاء با آسانی خرید سکے۔

مرکزی مسلم لیگ تحصیل دیپالپور کی ونٹر پیکج مہم جاری

مہم کا مقصد غریب، مسکین، بیوہ خواتین، یتیم بچوں کو سامان فراہم کرنا ہے

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) شعبہ خدمت خلق پاکستان مرکزی مسلم لیگ تحصیل دیپالپور کی ونٹر پیکج مہم جاری، شعبہ خدمت خلق پاکستان مرکزی مسلم لیگ تحصیل دیپالپور کے زیر اہتمام ونٹر پیکج مہم زور وشور سے جاری ہے۔ مہم کا مقصد غریب، مسکین، بیوہ خواتین، یتیم بچوں اور مستحق افراد کو سردی کے موسم میں درکار ضروری سامان فراہم کرنا ہے۔ اس مہم کے دوران مستحقین میں جیکٹس، جرسی، بستر اور دیگر گرم ملبوسات تقسیم کیے جارہے ہیں تاکہ انہیں سردی کی شدت سے محفوظ رکھا جاسکے۔ اس سلسلے میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں مستحق افراد کو ونٹر پیکجز فراہم کیے گئے۔ تقریب میں انجینئر محمد عمران جنرل سیکرٹری پاکستان مرکزی مسلم لیگ ضلع اوکاڑہ، چوہدری معظم سرپرست اعلیٰ پاکستان مرکزی مسلم لیگ اوکاڑہ اور جاوید اقبال وٹو جنرل سیکرٹری پاکستان مرکزی مسلم لیگ تحصیل دیپالپور نے ونٹر پیکجز تقسیم کیے۔ اس موقع پر میاں شہزاد ڈولہ نے خصوصی طور پر شرکت کی اور اس خدمت خلق کے اقدام کو بے حد سراہا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انجینئر محمد عمران نے کہا کہ خدمت خلق ہمارا مشن ہے اور پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے ہم معاشرے کے کمزور طبقات کی مدد جاری رکھیں گے۔ چوہدری معظم نے کہا کہ ضرورت مندوں کی مدد کے یہ اقدامات نہ صرف انسانی ہمدردی کی بہترین مثال ہیں بلکہ ان سے معاشرے میں ہم آہنگی اور بھائی چارہ بھی فروغ پاتا ہے۔ جاوید اقبال نے کہا کہ ونٹر پیکج مہم کے ذریعے ہم زیادہ سے زیادہ مستحق افراد تک پہنچنے کی کوشش کررہے ہیں تاکہ ان کی مشکلات کم کی جاسکیں میاں شہزاد ڈولہ نے اپنی گفتگو میں کہا کہ پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے یہ اقدامات قابل ستائش ہیں۔

جرنلسٹ پریس کلب تحصیل شرقپور شریف: ملک صدیق بادشاہ آرائیں کی سالگرہ منائی گئی

شرقپور شریف (نامہ نگار) جرنلسٹ پریس کلب تحصیل شرقپور شریف کے سابقہ گروپ لیڈر ملک جاوید اقبال، سابقہ صدر عامر مجید نوشاہی، ممبر ذیشان بلا کی جانب سے شرقپور شریف کے سینیئر صحافی بابا صحافت شرق پور ملک صدیق بادشاہ آرائیں کی 70 ویں سالگرہ کے موقع پر کیک کاٹا اور ان کو بہترین صحافتی خدمات پر اعزازی شیلڈ بھی پیش کی گئی اور ان کی درازی عمر کے لیے دعا فرمائی گئی ملک صدیق بادشاہ کی 70 ویں سالگرہ کی یہ تقریب حکیم سٹی شرقپور شریف شاہین اسٹیٹ پر منعقد ہوئی جس میں حکیم سٹی شرقپور شریف کے میڈیا ایڈوائزر جنید ذاھد نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

ذوالفقار علی بھٹو عظیم لیڈر تھے، ریاض علی قریشی

تاریخ ایسے لیڈروں کو کبھی نہیں بھولتی جو ہمیشہ عوام کا سوچتے ہیں

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ذوالفقار علی بھٹو عظیم لیڈر تھے انہوں نے جمہوریت کی خاطر ناقابل فراموش قربانیاں دی ہیں تاریخ ایسے لیڈروں کو کبھی نہیں بھولتی جو ہمیشہ عوام کا سوچتے ہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی لاہور ڈویژن کے ڈپٹی انفرمیشن سیکرٹری ریاض علی قریشی نے بانی پی پی شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سالگرہ کے موقع پر کیک کاٹنے کی تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی عوامی جماعت ہے جس کی بنیاد دیں عوام میں مضبوط ہیں بلاول بھٹو کی شکل میں عظیم لیڈر مل گیا ہے نوجوان قیادت ملک کی بہتری اور معیشت کی مضبوطی کیلئے انتہائی ضروری ہے ان شاءاللہ پیپلز پارٹی ملک کو بحرانوں سے نکال کر بہترین معیشت بنائے گی۔

ڈسکہ: مسلح ملزم نے خاتون سے نقدی چھین لی، پولیس نے مقدمہ درج کرلیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مسلح ملزم نے خاتون سے نقدی چھین لی تھانہ موتڑہ کے علاقہ کھروالیاں کی خاتون عائشہ اپنی ماہانہ تنخواہ لیکر رکشہ میں گھر جار

DAILY QUWAT
اداریہ ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

مذاکراتی کمیٹی سے سنجیدگی کی توقعات

پاکستان تحریک انصاف نے وعدے کے مطابق اپنے مطالبات باضابطہ تحریری شکل میں پیش نہ کیے تو مذاکراتی عمل میں مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ 12 دن گزر جانے کے بعد بھی ہم ایک انچ آگے نہیں بڑھ سکے۔ ہم اپنی یقین دہانی پر عمل کرتے ہوئے پی ٹی آئی مذاکراتی ٹیم کو عمران خان سے ملاقات کی سہولت فراہم کررہے ہیں لیکن پی ٹی آئی دونوں اعلامیوں میں کیے گئے وعدوں کے برعکس ابھی تک تذبذب میں ہے کہ چارٹر آف ڈیمانڈ تحریری شکل میں پیش کیا جائے یا نہیں۔ ان خیالات کا اظہار مسلم لیگی رہنما اور حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے ترجمان سینیٹر عرفان صدیقی نے ایک انٹرویو میں کیا۔ حکومت اور اپوزیشن مذاکرات کی میز پر آئے تو عوام میں ایک امید پیدا ہوئی تھی کہ اب صورتحال بہتر ہوجائے گی۔ ملک میں سیاسی استحکام آئے گا جو معاشی استحکام کے لیے بھی ضروری ہے۔ بادی النظر میں فریقین میں سنجیدگی کا فقدان ہے۔ تحریک انصاف کی طرف سے اپنے وعدے کے مطابق اپنا چارٹر آف ڈیمانڈ تحریری طور پر دیدیا جانا چاہیے تھا۔ دونکات پر مشتمل تحریک انصاف کے مطالبات سامنے آچکے ہیں۔ یہ تحریری شکل میں نہ ہوں تو بھی ان پر بات ہوسکتی ہے۔ مذاکرات کے کسی بھی مرحلے پر تحریک انصاف تحریری شکل میں مطالبات سامنے رکھ سکتی ہے۔ تاہم تحریک انصاف کا تحریری شکل میں اب تک بھی مطالبات نہ دینا اس کی غیر سنجیدگی کو ظاہر کرتا ہے۔ ایسی ہی غیر سنجیدگی حکومت کی طرف سے بھی دکھائی گئی ہے۔ اپوزیشن کمیٹی جیل میں اپنی جماعت کے بانی کے ساتھ ملاقات کرنے کا کہہ رہی تھی۔ اس پر کمیٹی کے ذمہ داران طرف سے، جن میں نائب وزیراعظم بھی شامل ہیں، عمران خان کے ساتھ ملاقات کا اہتمام کرانے کا وعدہ کیا گیا تھا۔ کہا گیا کہ یہ ملاقات ہفتے یا سوموار کو کرادی جائے گی۔ اول تو ان مذاکرات کی جو اہمیت ہے اس کے مطابق فوری طور پر ملاقات کرا دی جاتی۔ اب یہ خبریں آئی ہیں کہ شاید یہ ملاقات پیر یا اس کے بعد کہیں جا کر ہو۔ حکومت اور اپوزیشن کی چپقلش کے باعث عوام بے یقینی کی سولی پر لٹکے ہوئے ہیں۔ اس کا فریقین کو احساس ہونا چاہیے۔ عوام طرفین سے سنجیدگی کی توقع رکھتے ہیں۔

ایف آئی اے کی کارروائی بدنام زمانہ انسانی سمگلر گرفتار

وفاقی تحقیقاتی ادارے) ایف آئی اے (کے سربراہ احمد اسحاق جہانگیر کی ہدایت پر ایف آئی اے کی ٹیموں نے گوجرانوالہ، سیالکوٹ، منڈی بہاوالدین اور گجرات میں چھاپہ مار کارروائیوں کے دوران یونان کشتی حادثے میں ملوث بدنام زمانہ انسانی سمگلر سمیت پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ملزم عبدالمجید حالیہ یونان کشتی حادثے میں ملوث ہے، اس کے خلاف دو مقدمات درج ہیں اور اس کے قبضہ سے پاسپورٹس بھی برآمد کیے گئے ہیں۔ ملزم نے فہد خالد نامی شہری کو کشتی کے ذریعے یونان بھجوانے کے لیے 42 لاکھ بٹورے۔ نقاش نے شہری کو ملائشیا ملازمت کا جھانسہ دے کر 3 لاکھ 80 ہزار روپے لیے۔ ایف آئی اے بارڈر کنٹرول، کاؤنٹر انٹیلی جنس اور سیکورٹی جیسے معاملات دیکھنے والا ادارہ ہے جو امیگریشن، انسانی سمگلنگ، انسداد رشوت ستانی، تحفظ حقوق، سائبر کرائم اور منی لانڈرنگ جیسے منظم اور سنگین جرائم سے متعلقہ امور کو دیکھتا ہے مگر بدقسمتی سے اس کی موجودگی کے باوجود ملک میں انسانی سمگلنگ اور سائبر کرائم عروج پر نظر آتے ہیں جس سے اس کے غیر فعال ہونے کی نشاندہی ہوتی ہے۔ سائبر کرائم اور انسانی سمگلنگ جیسا کوئی بڑا واقعہ سامنے آتا ہے تو یہ ادارہ حرکت میں آکر پکڑ دھکڑ شروع کردیتا ہے۔ سرحدوں اور ملک کے تمام ہوائی اڈوں پر سخت نگرانی کے باوجود انسانی سمگلنگ اور معصوم شہریوں کو جھانسہ دے کر غیر قانونی طریقے سے دوسرے ملکوں میں بھیجنے کا کاروبار اب بھی جاری وساری ہے۔ گزشتہ دنوں ایف آئی اے نے کارروائی کرتے ہوئے جن شہروں میں چھاپہ مارا ہے وہاں کے بچے بچے کو علم ہوتا ہے کہ لوگوں کو غیر قانونی طریقے سے بیرون ملک بھیجنے والے کہاں اور کس مقام پر دستیاب ہو سکتے ہیں اور وہ اس کام کا کتنا معاوضہ وصول کرتے ہیں جبکہ وہ ادارہ جس کا کام ایسے جرائم کی کڑی نگرانی کرنا ہے وہ سراسر غافل نظر آتا ہے۔ انسانی سمگلنگ روکنے کے لیے جہاں ایف آئی اے کو مستعد ہونے کی ضرورت ہے وہیں سرحدوں اور ہوائی اڈوں پر کڑی نگرانی کی بھی اشد ضرورت ہے۔ حکومت کو یہ جاننے کے لیے ایک اعلیٰ سطح کا کمیشن تشکیل دینا چاہیے کہ نوجوان طبقے کے جائز وناجائز طریقے سے ملک چھوڑ کر بھاگنے کے پیچھے کیا وجوہ ہیں۔ اس صورتحال سے اندازہ ہوتا ہے کہ عام آدمی کی نظر میں ریاست اتنی غیر محفوظ ہوچکی ہے کہ وہ کسی بھی طرح یہاں سے نکلنے ہی میں عافیت جانتا ہے۔

شیر اور بندر شہر کے اندر

کچھ عرصہ سے پاکستان میں خطرناک پالتو جانور پالنے کا شوق دیکھنے میں آرہا ہے۔ اس سے قبل کبھی کبھار جنگلی جانور بھی مرگلہ کی پہاڑیوں سے اتر کر شہری علاقوں میں خوف پھیلا دیتے تھے۔ لیکن اب یہ پالتو جانور فرار ہو کر باہر نکل آتے ہیں اور شہریوں کے لیے خوف کا باعث بنتے ہیں اور شہری محصور ہو کر رہ جاتے ہیں۔ ایسے ہی واقعات ہر بنس پورہ لاہور، کراچی اور کچھ نئے اور نجی چڑیا گھر سے فرار کی خبریں میڈیا اور سوشل میڈیا پر گردش کرتی رہی ہیں۔ ہر بنس پورہ میں پالتو شیر پنجرے سے باہر نکل آیا تو مجبورا "سیکورٹی گارڈ نے اسے گولی مار کر ہلاک کردیا۔ دو سال قبل کراچی کے علاقے گلبرگ میں مبینہ طور پر پالتو شیر نے دس سالہ بچے کو زخمی کردیا تھا۔ جنگلی جانوروں کو پالتو جانوروں کی طرح پنجروں میں رکھنا بے حد خطرناک رواج بڑھتا جارہا ہے۔ امریکی ریاست ٹیکساس میں فرار ہونے والے بندر کو پکڑ لیا گیا، بندر کے مالکان کو 5 جرائم میں جرمانے کا خدشہ ہے۔ گو بظاہر یہ ایک معمولی خبر ہے لیکن بیشمار لوگوں کی توجہ حاصل کر چکی ہے۔ تفصیلات کے مطابق غیر ملکی میڈیا نے رپورٹ کی ہے کہ امریکی ریاست ٹیکساس کے پوٹیٹ اور جورڈنیں کے علاقے کے مکینوں نے شکایت کی تھی کہ ان کے گھروں کی چھت پر ایک بندر بھاگتا پھر رہا ہے۔ جانوروں کی دیکھ بھال کے افسران نے علاقہ مکینوں کی شکایت پر فوری کاروائی کرتے ہوئے شرارتی بندر کو پکڑ لیا۔ افسران کا کہنا ہے کہ انہیں تحقیقات کے دوران معلوم ہوا کہ اس بندر کو اسی علاقے کے ایک رہائشی نے اپنے گھر پر غیر قانونی طور پر پالتو جانور کے طور پر رکھا ہوا تھا۔ افسران کے مطابق انہوں نے مالکان کو بندر واپس کرتے ہوئے حکم دیا ہے کہ وہ اسے شہر کی حدود سے باہر لے جائیں کیونکہ غیر ملکی جانوروں کو اس علاقے میں پالتو جانور کے طور پر رکھنا غیر قانونی ہے۔ بندر کے مالکان پر پانچ جرائم عائد ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے۔ جن میں ممنوعہ جانور کا گھر میں ہونا، پہلے بندر کو دوبارہ حاصل کرنے کے لیے دوسرا بندر لانا عجانوروں کا شہری علاقے میں گھومنا، ریبیز کی ویکسینیشن کی کمی اور مائیکرو چپ کی کمی بھی شامل ہیں۔ افسران کے مطابق مالکان پر فی الحال جرمانہ عائد نہیں کیا گیا اس کا جرمانے کا فیصلہ میونسپل کورٹ کرے گی۔ واضح رہے کہ اسی نوعیت کا ایک واقعہ چند ہفتوں قبل کراچی کے علاقے گارڈن ٹاؤن میں بھی پیش آیا تھا جب گارڈن کے علاقے میں چار بندروں کو گھروں کی چھتوں کے اوپر گھومتے دیکھا گیا تھا۔ ڈپٹی کنزرویٹر محکمہ جنگلی حیات نے بتایا ہے کہ کچھ دن قبل بھی اس علاقے میں بندر نظر آنے کی اطلاع ملی تھی اس موقع پر ٹیم نے علاقے کی تلاشی لی تھی لیکن کوئی بندر نہیں مل سکا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ آج بھی ٹیم متعلقہ علاقے میں روانہ کی جائے گی۔ اس حوالے سے چڑیا گھر انتظامیہ کا کہنا ہے کہ چڑیا گھر میں بندروں کی تعداد پوری ہے۔ چڑیا گھر انتظامیہ نے بتایا ہے کہ ہمیں بھی سو لجر بازار میں کئی روز قبل بندر نظر آنے کی اطلاع مل رہی ہے۔ اگر یہ بندر چڑیا گھر سے نہیں آئے تو اب یہاں ذہن میں پہلا سوال یہ اٹھتا ہے کہ یہ بندر علاقے میں موجود رہائشی مکان کی چھت پر کہاں سے آئے؟ جس کا جواب فی الحال نہیں مل سکا۔ شاید مل بھی نہیں پائے گا۔ پالتو اور آوارہ جانوروں کا شہری آبادی میں داخلہ اور موجودگی ہمیشہ ہی شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث بنتی ہے۔ شہریوں کی جان کی حفاظت اور انہیں پریشانی سے بچانے کے لیے پوری دنیا میں ایک نظام اور ادارے ہوتے ہیں۔ جو ترقی یافتہ ممالک میں ادارے اس قدر ایکٹو اور سرگرم ہوتے ہیں کہ فوری کاروائی کرکے ان کا سدباب ممکن بنادیتے ہیں۔ ایک دوست نے بتایا کہ بھارت میں بندروں کی بہتات ہے اور وہ بلا روک ٹوک شہروں اور بازاروں میں شرارت کرتے موجود دکھائی دیتے ہیں۔ گو وہاں ان کو نقصان نہیں پہنچایا جاتا بلکہ احترام کیا جاتا ہے لیکن جب یہ گھروں میں گھس کر تنگ کرتے ہیں تو مارتو نہیں سکتے مگر انہیں پکڑ کر متعلقہ حکام کے حوالے کردیا جاتا ہے۔ ان کو پکڑنے کے لیے وہ زمین میں ایک گڑھا کھودتے ہیں اور اس میں تنگ گردن والی مٹی کی ہنڈیا ہنڈیار کھتے ہیں پھر اس میں آخروٹ بھر دیتے ہیں۔ جب بندر آتا ہے اور وہ گڑھے میں پڑے آخروٹ دیکھتا ہے تو وہ اپنا ہاتھ اندر ڈالتا ہے اور جتنی زیادہ مقدار میں اخروٹ لے سکتا ہے لے لیتا ہے لیکن پھر وہ اپنا ہاتھ کھینچتا تو ہے مگر باہر نہیں نکال سکتا کیونکہ اس کا ہاتھ جتنا بھرا ہوا ہوتا ہے وہ اتنا ہی تنگ مٹی کے منہ میں پھنس جاتا ہے اخروٹوں کے لالچ میں مٹھی کھینچتا تو ہے مگر لالچ کی وجہ سے مٹھی کو ڈھیلا نہیں کرتا کہ کہیں اخروٹ ہاتھ سے چھٹ نہ جائیں وہ اسی جدوجہد میں ہوتا ہے کہ شکاری آکر اسے پکڑ لیتے ہیں۔ ہمارے ملک میں ایسے بندر تو نہیں ہوتے جنہیں پکڑا جا سکے البتہ آوارہ کتے بڑی کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ گذشتہ دنوں مجھے اپنے علاج کے سلسلے میں پنجاب کے سب سے بڑے شہر لاہور جانے کا اتفاق ہوا جہاں فیصل ٹاؤن میں رات کے وقت کئی آوارہ کتوں کا سامنا کرنا پڑتا تھا گھر سے باہر ان کتوں کے بھونکنے اور ایک دوسرے سے لڑنے کی آوازیں بھی سنائی دیتی تھیں تو میں سوچ رہا تھا کہ ہم کس سے شکایت کریں؟ ملک کے اس بڑے شہر میں ان آوارہ کتوں کی موجودگی مجھے عجیب لگی جو یقیناً "توجہ طلب ضرور ہے۔ دوران سفر سڑکوں پر ان آوارہ کتوں اور دیگر جانوروں کی باعث بیشمار خطرناک حادثات بھی جنم لیتے ہیں۔ جو انسانی جانوں اور قیمتی گاڑیوں کے ضیاع کا باعث بن جاتے ہیں۔ لاہور میں ہی ایک سوسائٹی میں رکھے گئے پالتو شیر بھی دیکھنے کا اتفاق ہوا گو وہ مضبوط جنگلوں میں محصور تھے لیکن کسی بھی کمزور لمحے میں شہری علاقوں میں ان کی موجودگی کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کو جنم دے سکتی ہے بہاولپور میں میرا گھر شہر کی نزدیک ترین آبادی فیصل باغ جیل روڈ پر واقع ہے۔ اس کالونی کی بڑی خاصیت یہ ہیکہ چاردیواری کے درمیان اس میں داخلہ کا ایک ہی راستہ ہے۔ اس راستے کی انٹری پر سیکورٹی گارڈ تعینات ہیں۔ اس کے باوجود ناجانے کہاں سے بیشمار آوارہ کتوں کو دیکھا جاسکتا ہے۔ چند ماہ قبل تو ایک کتیا نے اپنے بچوں سمیت میرے گھر کے سامنے ڈیرے ڈال لیے اور ہر آنے جانے والے پر بھونکنے کے ساتھ ساتھ بچوں کے پیچھے بھاگنا بھی شروع کردیا۔ اپنی کالونی کی انتظامیہ کمیٹی سے درخواست کی تو انہوں نے صاف جواب دے دیا کہ کتوں سے نجات ہمارا نہیں بلدیہ کا کام ہے۔ اس کتیا کی دیکھا دیکھی دیگر کتوں نے بھی ہماری گلی کا رخ کرلیا۔ کئی ماہ بڑی پریشانی رہی پھر شہر کی میونسپلٹی میں جا کر شکایت کی مگر کوئی شنوائی نہ ہوسکی۔ وہ وعدہ تو کرتے مگر عمل کچھ نہ کرتے۔ ایک دن میں نے سوچا کہ انہیں بندوق سے ہی ماردیا جائے لیکن ہمارے ہمسائے بہت رحمدل ثابت ہوئے انہوں نے مجھے ایسا کرنے سے روک دیا۔ پھر مجھے کسی نے ایک میونسپلٹی کے ہی بندے کا رابطہ دیا۔ جس نے بڑی سفارش سے اس کتیا اور اسکے بچوں سے تو نجات دلا دی مگر آوارہ کتے آج بھی ہماری گلیوں میں مٹرگشت کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ یہ صرف ہماری ہی کالونی کا المیہ نہیں ہے بلکہ پورے شہر میں یہاں تک کہ سٹرکوں پر بھی آوارہ کتے لوگوں اور ٹریفک کے لیے زحمت بن جاتے ہیں۔ سندھ کے دیہی اور شہری علاقوں میں بھی آوارہ کتوں کی بہتات دیکھنے میں آتی ہے اور کتوں کے کاٹنے کی خبریں ملتی رہتی ہیں۔ اگر یہ کتے کسی وجہ سے پاگل یا باولے ہو جائیں تو انسانی جانوں کو خطرے میں ڈال سکتے ہیں۔ ان کتوں کے کاٹنے کی ویکسین کی موجودگی اور بروقت مہیا ہونے کا بھی مسئلہ بھی درپیش آتا ہے۔ پالتو کتوں کے ساتھ ساتھ لوگوں نے اپنے گھروں میں اب شیر اور چیتے اور ان کے بچے بھی پالنے شروع کردیے ہیں چند ماہ قبل ایک پالتو شیر نے باہر نکل کر کئی لوگوں کو زخمی کردیا تھا۔ یہ خبر شائع ہوئی اور نشر ہوئی تو بڑا شور مچا مگر پھر خاموشی چھا گئی۔ ملک بھر میں شہری اور دیہی علاقوں میں ایسے آوارہ اور پالتو جانوروں سے عوام کو بچانے کے لیے صرف وائلڈ لائف ،میونسپلٹی یا ریسکیو ہی کافی نہیں ہے بلکہ اس سلسلے میں ایک فوری ہیلپ لائن اور انہیں پکڑنے کے ماہرین کی ایک ٹیم کے قیام کی ضرورت ہے جو بروقت کاروائی کر کے لوگوں کی جانوں ، مالوں کی حفاظت کے ساتھ ساتھ انکے لیے پریشانی کا سبب بننے والے جانوروں کا سدباب ممکن بنا سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ پالتو کتوں، شیروں اور چیتوں کو اپنے نجی شہری گھروں میں رکھنے کے قوانین سخت تر کر دیے جائیں بلکہ اگر ممکن ہو سکتا ہے تو اس پر پابندی کے بارے میں بھی سوچا جاسکتا ہے۔

محفوظ پاکستان ہی مضبوط پاکستان ہے

ایک حالیہ پریس بریفنگ میں انٹر سروسز پبلک ریلیشنز کے ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ ایک محفوظ پاکستان ہی مضبوط پاکستان ہے۔ یہ سادہ لیکن طاقتور جملہ مجھے بہت بھلا لگا اور میں نے اس ہر لکھنے کا فیصلہ کیا۔ کسی قوم کی حقیقی طاقت کی تعریف صرف اس کی معاشی دولت یا فوجی طاقت سے نہیں ہوتی بلکہ اس کی چیلنجوں کا مقابلہ کرنے، تبدیلیوں کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنے اور اپنے لوگوں کے لیے سلامتی اور مواقع کو یقینی بنانے کی صلاحیت سے ہوتی ہے۔ قومی طاقت کثیر الجہتی ہے جو ٹھوس اداروں، مضبوط بنیادی ڈھانچے، ایک متحد معاشرے اور متحرک معیشت کے ہم آہنگ امتزاج سے ابھرتی ہے۔ یہ ان عناصر کی اجتماعی طاقت ہے جو کسی ملک کو پائیدار ترقی کرنے، اپنی خودمختاری کی حفاظت کرنے اور عالمی میدان میں اپنی جگہ کو محفوظ بنانے کے قابل بناتی ہے۔ حالیہ برسوں میں پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی میں شدت آئی ہے اور خاص طور پر 2019 میں ہندوستان کی طرف سے آرٹیکل 370 کی منسوخی کے بعد، جس نے ہندوستان کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے علاقے کو خصوصی درجہ دیا تھا، اس میں اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان نے اس اقدام کی شدید مذمت کی اور کشمیری عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کیا۔ پاکستان نے مسلسل مسئلہ کشمیر کو بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر اٹھایا ہے اور خود کو کشمیر کاز کے لیے ایک بے لوث وکیل کے طور پر پیش کیا ہے۔ جب کہ پاکستان اس پر بین الاقوامی مداخلت کا مطالبہ کرتا ہے تو دوسری طرف ہندوستان اصرار کرتا ہے کہ تنازعہ کشمیر ایک دوطرفہ معاملہ ہے جس سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مزید کشیدہ ہوتے ہیں۔ دونوں ممالک کی جوہری صلاحیتیں غیر یقینی کی ایک اضافی پرت متعارف کراتی ہیں، جس سے تنازعہ کے جوہری تصادم میں بڑھنے کے خطرے کے بارے میں خدشات بڑھ جاتے ہیں۔ پاکستان کی افغانستان کے ساتھ ایک غیر مستحکم سرحد بھی ہے جو کئی دہائیوں سے سلامتی کے چیلنجوں کا باعث بنی ہوئی ہے۔ ڈیورنڈ لائن، جو دونوں ممالک کے درمیان 2,640 کلومیٹر طویل سرحد ہے، ایک اہم مسئلہ بنی ہوئی ہے۔ افغانستان طویل عرصے سے سرحد کی قانونی حیثیت سے متصادم رہا ہے اور مختلف افغان رہنماؤں نے پشتون اکثریتی علاقوں کو افغانستان میں شامل کرنے کی وکالت کی ہے۔ پاکستان طویل عرصے سے افغانستان کے ساتھ اپنی غیر محفوظ سرحد کے پار عسکریت پسندوں کے بہاؤ کو کنٹرول کرنے کے لیے جدوجہد کررہا ہے۔ افغان طالبان، تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور خارجیوں سمیت عسکریت پسند گروہوں نے پاکستانی سرزمین پر حملے کرنے کے لیے افغانستان کو پناہ گاہ کے طور پر استعمال کیا ہے۔ افغانستان میں طالبان کی اقتدار میں واپسی نے اس صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے، لیکن پاکستان نے پاکستان مخالف عسکریت پسند گروہوں کو افغان سرزمین سے کام کرنے سے روکنے کی کوشش میں طالبان حکومت کے ساتھ مشغول ہونے کی کوشش کی ہے۔ افغانستان میں سلامتی کی صورتحال، خاص طور پر اس کا جاری عدم استحکام، پاکستان کے سرحدی علاقوں کے لیے براہ راست خطرہ پیش کرتا ہے، جس سے دہشت گردی، پناہ گزینوں کے بہاؤ اور پاکستان میں غیر قانونی تجارت پھیلنے کے خطرات ہیں۔ جموں وکشمیر میں لائن آف کنٹرول (ایل او سی)، جو پاکستان اور بھارت کے درمیان طویل عرصے سے کشیدگی کا مرکز ہے، اب بھی تشویش کا ایک اہم علاقہ ہے۔ دونوں ممالک جوہری ہتھیاروں سے لیس ہیں، جس کی وجہ سے اس سرحد کی سلامتی نہ صرف پاکستان بلکہ علاقائی استحکام کے لیے بھی اہم ہے۔ پاکستان نے ایل او سی کے ساتھ اپنی فوجی موجودگی کو مضبوط بنانے، جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ اپنی دفاعی صلاحیتوں کو بڑھانے، بہتر انٹیلی جنس جمع کرنے اور سرحد پار دراندازی کو روکنے کے لیے مضبوط پوزیشنوں میں خاطر خواہ سرمایہ کاری کی ہے۔ اس کے ساتھ ہی پاکستان پرامن بات چیت اور بین الاقوامی پلیٹ فارمز کے ذریعے ہندوستان کے ساتھ مسائل، خاص طور پر تنازعہ کشمیر کو حل کرنے کے لیے سفارتی راستے تلاش کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ امن وامان برقرار رکھنا پاکستانی شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ پولیس، رینجرز اور نیم فوجی دستوں سمیت قانون نافذ کرنے والے ادارے مجرمانہ



سرگرمیوں کا مقابلہ کرنے، عوامی تحفظ کو یقینی بنانے اور قوم کو اندرونی خطرات سے بچانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ پاکستان نے اپنی پولیس فورسز کو جدید بنانے اور جرائم، دہشت گردی اور شورش سے لڑنے کی ان کی صلاحیت کو بہتر بنانے کے لیے اہم اصلاحات کی ہیں۔ انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی، انٹیلی جنس جمع کرنے اور کمیونٹی پولیسنگ پر زور دینے کے لیے پولیس کے تربیتی پروگراموں میں اضافہ کیا گیا ہے۔ مزید برآں، مجرمانہ انصاف کے عمل کو ہموار کرنے کے لیے جرائم کی تحقیقات کی نئی ٹیکنالوجیز اور ڈیٹا شیئرنگ سسٹم نافذ کیے گئے ہیں۔ بڑے شہری مراکز میں، جہاں تشدد اور جرائم مستقل مسائل رہے ہیں، حکومت نے مجرمانہ سنڈیکیٹس کو ختم کرنے، بھتہ خوری کو روکنے اور دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے ٹارگٹڈ آپریشنز شروع کیے ہیں۔ ان کارروائیوں نے جرائم کی شرح میں کمی میں اہم کردار ادا کیا ہے جس سے رہائشیوں میں سلامتی کا احساس بحال ہوا ہے۔ ہائی پروفائل دہشت گردی کے معاملات کو سنبھالنے کے لیے پولیس فورسز کے اندر محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) جیسے خصوصی انسداد دہشت گردی یونٹس قائم کیے گئے ہیں۔ یہ یونٹس، جو انسداد دہشت گردی کے جدید ہتھکنڈوں میں تربیت یافتہ ہیں، ملک کے اندر کام کرنے والے دہشت گرد عناصر کی شناخت اور ان کو ختم کرنے میں اہم رہے ہیں۔ 9 مئی اور پھر 24 سے 26 نومبر کے دوران کے واقعات کے ذمہ داروں کو جوابدہ ٹھہرانے کا جاری عمل انصاف کے لیے وسیع تر عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ 9 مئی کے واقعات، جن میں ریاست مخالف عناصر کا ایک چھوٹا سا گروہ شامل تھا، کو پاکستان کے عوام کی طرف سے غداری اور ملک دشمنی کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ مستقبل میں اس طرح کے واقعات کو روکنے کے لیے ایک واضح مثال قائم کرنے کے مقصد سے ان اقدامات کو انجام دینے اور سہولت فراہم کرنے والوں کو سزا دینے کا بڑے پیمانے پر مطالبہ کیا جارہا ہے۔ آج کے ڈیجیٹل دور میں سائبر سیکورٹی قومی سلامتی کا ایک اہم پہلو بن گیا ہے۔ جیسے جیسے پاکستان سے زیادہ ڈیجیٹلائزیشن کی طرف بڑھ رہا ہے تو حساس سرکاری ڈیٹا، اہم بنیادی ڈھانچے اور نجی شعبے کے اثاثوں کی حفاظت تیزی سے اہم ہوتی جارہی ہے۔ ملک کو سائبر خطرات سے بچانے کے لیے سائبر سیکورٹی کے اقدامات کو مضبوط کرنا ضروری ہے جو اس کی سلامتی اور استحکام کو کمزور کرسکتے ہیں۔ سائبر حملوں کے بڑھتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کے لیے پاکستان نے ایک قومی سائبر سیکورٹی پالیسی متعارف کرائی ہے جس کا مقصد قومی بنیادی ڈھانچے کی حفاظت، محفوظ مواصلاتی نیٹ ورک کو یقینی بنانا اور حساس سرکاری ڈیٹا کی حفاظت کرنا ہے۔ حکومت نے سائبر خطرات کی نگرانی اور ان کا مقابلہ کرنے کے لیے نیشنل ٹیلی کام اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی سیکورٹی بورڈ (این ٹی آئی ایس بی) اور پاکستان کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیم (پی اے سی ای آر ٹی) کے تحت خصوصی سائبر سیکیورٹی یونٹس قائم کیے ہیں۔ یہ اقدامات پاکستان کے مالیاتی نظام، توانائی کے گرڈ اور مواصلاتی نیٹ ورک کو بیرونی سائبر حملوں سے بچانے کے لیے ضروری رہے ہیں جو ممکنہ طور پر قومی سلامتی کو خطرے میں ڈال سکتے ہیں۔ پاکستان اور اس کی فوج کے خلاف غلط معلومات اور غلط پروپیگنڈا بھی قومی سلامتی کے لیے اہم خطرات ہیں۔ حکومت، پاک فوج اور متعلقہ ادارے ان مسائل کو بہت سنجیدگی سے لے رہے ہیں اور پاکستان کے عوام تیزی سے سچ اور جھوٹ میں فرق کرنے کے قابل ہورہے ہیں۔ فوجی اور قانون نافذ کرنے والے اقدامات کے علاوہ پاکستان نے سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے اور انتہا پسندی کی بنیادی وجوہات سے نمٹنے پر کافی زور دیا ہے۔ غربت، تعلیمی خلا اور بے روزگاری جیسے مسائل کو حل کرکے ملک کا مقصد اپنے نوجوانوں کے لیے مزید مواقع پیدا کرنا اور اس طرح بنیاد پرستی کے امکانات کو کم کرنا ہے۔ پاکستان نے تعلیم میں سرمایہ کاری میں اضافہ کیا ہے اور پبلک اسکولوں کو بہتر بنانے اور اعتدال پسندی کو فروغ دینے کے لیے مذہبی تعلیمات کو ایک جدید نصاب کے ساتھ مربوط کرنے پر توجہ مرکوز کی ہے۔ مدرسوں کو منظم کرنے کی کوششیں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے نافذ کی گئی ہیں کہ وہ طلبا کو کیریئر کے متبادل مواقع فراہم کرتے ہوئے انتہا پسندانہ نظریات کو فروغ نہ دیں۔ مقامی کمیونٹیز انتہا پسندی کا مقابلہ کرنے میں بڑھتا ہوا کردار ادا کررہی ہیں اور بہت سے اقدامات امن کی بحالی کی سرگرمیوں میں نوجوانوں اور مذہبی رہنماؤں کو شامل کررہے ہیں۔ ملک نے مختلف فرقوں کے درمیان تقسیم کو ختم کرنے اور رواداری کی ثقافت کی حوصلہ افزائی کے لیے بین المذہبی مکالموں کی بھی حمایت کی ہے۔ اسٹاک مارکیٹس کے تاریخی اعداد وشمار کے ساتھ ساتھ پاکستان کی معاشی صورتحال میں مسلسل بہتری آرہی ہے اور سابق وزیراعظم عمران خان نے بھی تسلیم کیا ہے کہ موجودہ حکومت نے پاکستان کو ڈیفالٹ ہونے سے بچالیا ہے۔ سیکورٹی کو برقرار رکھنے میں مضبوط انٹیلی جنس جمع کرنا ایک اور اہم جزو ہے۔ پاکستان نے اپنی انٹیلی جنس صلاحیتوں کو مضبوط کیا ہے اور خاص طور پر انٹر سروسز انٹیلی جنس (آئی ایس آئی) جیسی ایجنسیوں کے ذریعے بہترین کام کیا ہے جو انسداد دہشت گردی کی کوششوں اور اندرون وبیرون ملک خطرات کی نشاندہی کرنے میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہیں۔ فوج، انٹیلی جنس ایجنسیوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان بہتر ہم آہنگی نے معلومات کے اشتراک میں اضافہ کیا ہے اور عسکریت پسندوں، مجرموں اور دہشت گردوں کے خلاف زیادہ ٹارگٹڈ کارروائیوں میں حصہ ڈالا ہے۔ قوم کو اندرونی اور بیرونی خطرات سے بچانے کے لیے پاکستان کی کوششیں جامع اور کثیر جہتی رہی ہیں۔ فوجی کارروائیوں، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی اصلاحات، بہتر سرحدی انتظام اور انسداد دہشت گردی کے اقدامات کے ذریعے ملک کے سلامتی کے چیلنجوں سے نمٹنے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ اگرچہ پائیدار سلامتی کا راستہ پیچیدہ ہے لیکن ان کوششوں نے ایک محفوظ اور زیادہ مستحکم پاکستان میں اہم کردار ادا کیا ہے جہاں شہری زیادہ محفوظ محسوس کرسکتے ہیں اور قوم مزید ترقی کی طرف بڑھ سکتی ہے۔ سیکیورٹی میکانزم کی مسلسل مضبوطی کے ساتھ ساتھ بنیادی سماجی، سیاسی اور معاشی مسائل سے نمٹنے کی کوششیں اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ پاکستان پائیدار امن و استحکام کی راہ پر گامزن رہے۔ ملک کو محفوظ اور مضبوط بنانے کی جاری کوششوں میں پوری قوم حکومت اور پاک فوج کی مکمل حمایت کرتی ہے۔

والدین۔۔اف تک نہ کہو

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے دعا کرنے کے لئے فرمایا ہے کہ اے اللہ تعالیٰ ہمارے والدین پر اس طرح رحم فرما جس طرح کہ انہوں نے ہم پر بچپن میں رحم فرمایا تھا۔ قرآن کی فصاحت وبلاغت۔۔اللہ اکبر۔ ہر ہر لفظ اور فقرے میں پیغام اور پیغام بھی اپنی نوعیت کا منفرد اور انوکھا۔ بچپن میں رحم کی بات کر کے اللہ تعالیٰ نے انسان کو جھنجھوڑا ہے کیونکہ جو کوئی بھی اپنے بچپن کو ٹھیک طریقے سے یاد کرتا ہے اس کو معلوم ہوتا ہے اس کا دنیا میں پہلا دن کتنا حساس اور نازک تھا اور پھر گرمی ہو یا سردی دونوں صورتوں میں رات کے لمحات۔ اتنا نازک اور نحیف بدن کہ ٹھنڈی ہوا کا ایک جھونکا بھی ناقابل برداشت اور گرمی کی شدت کی وجہ سے سانس لینا بھی محال۔ کچھ بھی ہوسکتا تھا۔ بخار، زکام، کھانسی، نزلہ، نمونیہ، پولیو اور کچھ بھی۔ ماں باپ ہیں کہ وارے وارے اور صدقے صدقے۔ خدا کی بارگاہ میں آہ و زاری اور ایک بچے کی زندگی کے لئے ساری پونجی خرچ۔ بچوں کی جان والدین میں اور والدین ہر قربانی کے لئے تیار۔ وقت کی سوئی مسلسل چل رہی ہے اور آج کل میں تبدیل ہورہا ہے۔ بچپن لڑکپن اور پھر جوانی اور وہ مستانی۔ میں نہ مانوں کسی کو۔ تو ں کون ہے کون۔ والدین ہیں کہ اپنی ساری توانائیاں خرچ اور بڑھاپا حافظہ کمزور بلکہ ختم اور چڑچڑاپن۔ اس ساری صورت حال کا بھی اللہ نے ایک پلان انسان کی راہنمائی کے لئے دے دیا ہے۔ اگر تمہیں والدین بڑھاپے کی ح





بابر اعظم نے ایک اور اعزاز اپنے نام کرلیا



لندن (یو این پی) قومی کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز بلے باز اور سابق کپتان بابر اعظم نے ایک اور اعزاز حاصل کرلیا۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ون ڈے، ٹی ٹوئنٹی اور ٹیسٹ میں پلیئرز کی نئی رینکنگ جاری کی ہے۔ آئی سی سی کی ون ڈے پلیئرز رینکنگ میں بلے بازوں کی فہرست میں پاکستان کے بابر اعظم کی ون ڈے رینکنگ میں 795 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ یہ مسلسل چوتھی بار ہے کہ بابر اعظم نے سال کا اختتام ون ڈے رینکنگ میں پہلی پوزیشن کے ساتھ کیا ہے۔ بابر اعظم سال 2022، 2021، 2023 اور 2024 کے اختتام پر ون ڈے کے ٹاپ بیٹر رہے ہیں۔ بابر اعظم پاکستان کے واحد بلے باز ہیں جنہیں یہ اعزاز حاصل ہوا ہے۔ ان سے قبل ویرات کوہلی اور اے بی ڈیویلیئرز نے بھی مسلسل 4،4 مرتبہ یہ اعزاز حاصل کیا ہے۔

سابق بھارتی کرکٹر کے والد کو غبن کے جرم میں 7 سال قید کی سزا

نئی دہلی (یو این پی) سابق بھارتی کرکٹر من اوجھا کے والد کو غبن کے ایک کیس میں مجرم قرار دے کر 7 سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سابق بھارتی کرکٹر کے والد ونے اوجھا ان 4 افراد میں شامل تھے جنہیں مدھیا پردیش کے ضلع بیتول میں بینک آف مہاراشٹرا کی برانچ میں 11 سال قبل 1.25 کروڑ روپے کی خوردبرد کے الزام میں سزا دی گئی۔ رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ پولیس نے 6 افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔ ملٹی ایڈیشنل سیشن کورٹ نے منگل کو اس کیس کا فیصلہ سنایا۔ رپورٹ کے مطابق 11 سال قبل ونے اوجھا بینک میں برانچ مینیجر تھے۔ ان پر اب قید کے علاوہ 7 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اس غبن کے ماسٹر مائنڈ، ابھیشک رتم کو 10 سال قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔

چیمپئنز ٹرافی کیلئے فخر زمان، شاداب خان اور امام الحق کی واپسی متوقع

لاہور (یو این پی) چیمپئنز ٹرافی کیلئے پاکستانی اسکواڈ میں پرانے کھلاڑیوں کی واپسی متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق فخر زمان، شاداب خان اور امام الحق کی اسکواڈ میں شمولیت متوقع ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کیلئے پاکستان کے اسکواڈ میں واحد وکٹ کیپر کپتان محمد رضوان ہوں گے جبکہ اس بڑے ایونٹ میں 4 فاسٹ بولرز شامل ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق چیمپئنز ٹرافی 2025ء کے لیے پاکستان کے اسکواڈ میں 3 اسپنرز کی بھی شمولیت کا امکان ہے۔ فاسٹ بولرز میں شاہین شاہ آفریدی، نسیم شاہ اور حارث رؤف کے ساتھ چوتھے فاسٹ بولر محمد حسنین ہوسکتے ہیں۔

ایرانی فٹبالر خاتون مداح کو گلے لگا کر مشکل میں پھنس گئے

تہران (یو این پی) ایران کے فٹبالر رامین رضائیان کو خاتون مداح کو گلے لگانے کی ویڈیو سامنے آنے کے بعد فٹبال حکام نے انہیں پوچھ گچھ کے لیے طلب کرلیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو سامنے آئی تھی جس میں 34 سالہ رامین رضائین کو خاتون مداح کو گلے لگاتے ہوئے دیکھا گیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی فٹبالر نے ایک میچ کے بعد ٹیم کی بس کے سامنے خاتون مداح کو گلے لگایا تھا۔ ایرانی فٹبالر کو اب کمیٹی کے سامنے پیش ہو کر تمام واقعے کی تفصیلات بتانا ہوں گی۔

جسپریت بمراہ نے بھارت کیلئے نئی تاریخ رقم کردی

سڈنی (یو این پی) بھارتی فاسٹ بولر جسپریت بمراہ نے ٹیسٹ کرکٹ میں بھارت کیلئے نئی تاریخ رقم کر دی۔ آئی سی سی کی جانب سے نئی ٹیسٹ پلیئرز رینکنگ جاری کی گئی جس میں جسپریت بمراہ نے اپنے ملک کیلئے نیا ریکارڈ بنا دیا۔ آئی سی سی کی تازہ ترین ٹیسٹ رینکنگ میں بمراہ نہ صرف بولرز کی فہرست میں پہلے نمبر پر ہے بلکہ کسی بھی بھارتی بولر کے لیے اب تک کے سب سے زیادہ ریٹنگ پوائنٹس کا ریکارڈ بھی قائم کر دیا۔ آسٹریلیا کے خلاف بارڈر گواسکر ٹرافی میں اب تک 4 ٹیسٹ میچز میں بمراہ 30 وکٹیں لے کر نمایاں بولر رہے ہیں۔ بارڈر گواسکر ٹرافی میں اپنی شاندار کارکردگی کی وجہ سے آئی سی سی رینکنگ میں بمراہ کے ریٹنگ پوائنٹس بڑھ گئے ہیں اور انہوں نے اب 907 ریٹنگ پوائنٹس حاصل کر لیے ہیں۔ جو کہ کسی بھی بھارتی بولر کے ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں سب سے زیادہ ریٹنگ پوائنٹس ہیں۔

بھارتی ٹیم میں بھی قیادت کے خواہشمندوں کی لائن لگ گئی

سڈنی (یو این پی) ہوم گراؤنڈ پر نیوزی لینڈ کے ہاتھوں کلین سوئپ اور آسٹریلیا میں پے در پے شکستوں نے بھارتی ٹیم کے کپتان روہت شرما کے انٹرنیشنل کیریئر کو اختتام پذیر کر دیا ہے، وہ سڈنی ٹیسٹ میں ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیں گے۔ پاکستانی ٹیم میں کپتانی کو لیکر جھگڑوں کی خبریں بنانے والے بھارتی میڈیا کا بتانا ہے کہ اب روہت شرما کے جانے پر کئی کھلاڑی سینئیر کی موجودگی کے باوجود قائدانہ کردار کے خواہشمند ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹیسٹ کپتان کے طور پر روہت شرما کے جانشین کی تلاش زوروں پر ہے تاہم مستقبل کے حوالے سے ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوسکا ہے، ٹیسٹ سیریز کے پہلے میچ میں روہت کی غیر موجودگی میں جسپریت بمراہ نے ٹیم کی کپتانی کے فرائض نبھائے تاہم روہت کے جانے پر ڈریسنگ روم میں متعدد کھلاڑی قائدانہ کردار کے خواہشمند ہیں۔ روہت شرما کی ریٹائرمنٹ کے بعد جسپریت بمراہ کو کپتانی دیئے جانے کا امکان کم ہے تاہم انڈین ایکسپریس نے اپنی رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ ٹیم کے ایک مخصوص کھلاڑی نے 'عبوری کپتانی' اپنا نام بطور مسٹر فحش اِٹ تجویز کیا ہے تاکہ موجودہ صورتحال اور ڈریسنگ روم کے ماحول پر قابو پایا جاسکے۔ کپتانی کے عزائم ظاہر کرنے والا کھلاڑی سے ٹیم کے نوجوان قیادت کے امیدوار زیادہ متاثر نہیں ہیں۔ تاہم رپورٹ میں یہ نہیں بتایا گیا کہ مذکورہ عبوری کپتانی کا امیدوار کون ہے لیکن کھلاڑی ٹیم کے سینئرز پلیئرز میں شمار ہوتے ہیں۔ دوسری جانب طویل مدتی ٹیسٹ کپتانی کیلئے بمراہ واحد انتخاب ہوسکتے ہیں تاہم رشبھ پنت اور کے ایل راہول بھی کپتانی کیلئے فیورٹ دکھائی دے رہے ہیں۔

یو ایس جونیئر سکواش چیمپئن ہرمس علی راجہ کا اسلام آباد میں پُرتپاک استقبال

اسلام آباد (یو این پی) یو ایس جونیئر سکواش چیمپئن ہرمس علی راجہ کا اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچنے پر پُرتپاک استقبال کیا گیا۔ یو ایس جونیئر اوپن سکواش چیمپئن شپ 14 سے 17 دسمبر تک فلاڈیلفیا (امریکہ) میں منعقد ہوئی، دنیا کے سب سے بڑے انفرادی سکواش ٹورنامنٹ میں ایک ہزار 7 کھلاڑیوں نے 51 ممالک کی نمائندگی کی۔ ایونٹ میں صرف 3 ممالک مصر، امریکہ اور پاکستان نے ٹائٹل جیتے، راولپنڈی کے ہرمس علی راجہ نے بوائز انڈر 11 گروپ میں حصہ لیا۔



ڈیرل مچل نے چار تھ اسالنکا کو نیوزی لینڈ بمقابلہ سری لنکا کے خلاف لگاتار چار چھکے لگائے

تعلقات میں فاصلہ دل کو اور قریب لاتا ہے، اننیا پانڈے

وقت کے ساتھ میں اپنے آپ میں زیادہ پراعتماد ہو گئی ہوں، اداکارہ



ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ کی خوبرو اداکارہ اننیا پانڈے نے تعلقات میں کچھ فاصلے پر کہا ہے کہ فاصلہ دل کو اور قریب لے آتا ہے۔ اداکارہ اننیا پانڈے سے حال ہی میں انٹرویو کے دوران لانگ ڈسٹنس ریلیشن شپ کے بارے میں ان کی رائے پوچھی گئی تو اس کے جواب میں اداکارہ نے جواب دیا کہ میں سمجھتی ہوں کہ کبھی کبھار تھوڑی جگہ ہونا صحت مند ہوتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میرا خیال ہے 45 دن تک نہ ملنا کافی ہے، یہ زیادہ برا نہیں ہے، دو مہینے ٹھیک ہیں، درحقیقت فاصلہ دل کو اور قریب لے آتا ہے۔ اداکارہ اننیا پانڈے کا یہ بھی کہنا تھا کہ وقت کے ساتھ وہ ایک بہتر پارٹنر بن گئی ہیں، وقت کے ساتھ میں اپنے آپ میں زیادہ پراعتماد ہو گئی ہوں اور اس کا براہ راست اثر میرے تعلقات پر پڑا ہے۔

بابر اعظم نے ایک اور اعزاز اپنے نام کرلیا



لندن (یو این پی) قومی کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز بلے باز اور سابق کپتان بابر اعظم نے ایک اور اعزاز حاصل کرلیا۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ون ڈے، ٹی ٹوئنٹی اور ٹیسٹ میں پلیئرز کی نئی رینکنگ جاری کی ہے۔ آئی سی سی کی ون ڈے پلیئرز رینکنگ میں بلے بازوں کی فہرست میں پاکستان کے بابر اعظم کی ون ڈے رینکنگ میں 795 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ یہ مسلسل چوتھی بار ہے کہ بابر اعظم نے سال کا اختتام ون ڈے رینکنگ میں پہلی پوزیشن کے ساتھ کیا ہے۔ بابر اعظم سال 2022، 2021، 2023 اور 2024 کے اختتام پر ون ڈے کے ٹاپ بیٹر رہے ہیں۔ بابر اعظم پاکستان کے واحد بلے باز ہیں جنہیں یہ اعزاز حاصل ہوا ہے۔ ان سے قبل ویرات کوہلی اور اے بی ڈیویلیئرز نے بھی مسلسل 4،4 مرتبہ یہ اعزاز حاصل کیا ہے۔

فاسٹ باؤلرز خرم شہزاد اور محمد عباس کی واپسی خوش آئند ہے، شان مسعود

جنوبی افریقہ کے خلاف خود کو جانچنے کے بے تابی سے منتظر ہیں جو ہمیشہ سے دنیا کی سرفہرست ٹیموں میں سے ایک رہی ہے، بیان

سنچورین (این این آئی) پاکستان کے ٹیسٹ کپتان شان مسعود نے کہا ہے کہ فاسٹ باؤلرز خرم شہزاد اور محمد عباس کی واپسی خوش آئند ہے، ہم جنوبی افریقہ میں بڑی کامیابیوں کے لیے پرعزم ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جنوبی افریقہ کے خلاف خود کو جانچنے کے لیے بے تابی سے منتظر ہیں جو ہمیشہ سے دنیا کی سرفہرست ٹیموں میں سے ایک رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں انگلینڈ کے خلاف ہوم ٹیسٹ سیریز اور حالیہ ون ڈے سیریز سے کچھ مومینٹم ملا ہے جس میں ہمارے ٹیسٹ اسکواڈ کے متعدد کھلاڑی شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم جنوبی افریقہ میں بڑی کامیابیوں کے لیے پرعزم ہیں جو حریف ٹیموں کے لیے چند انتہائی سخت کنڈیشنز میں سے ایک سمجھی جاتی ہے۔ شان مسعود نے کہا کہ ہم جانتے ہیں کہ جنوبی افریقہ نے آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے لیکن ہم نے کم از کم دو ہفتے قبل یہاں پہنچنے کے بعد اس سیریز کے لیے بہترین انداز میں تیاری کی ہے۔

ہانیہ عامر کی ونٹر لکس میں دلفریب اداؤں کے مداح گرویدہ

سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے تصاویر پر پسندیدگی کا اظہار کیا جارہا ہے



لاہور (یو این پی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی ڈمپل کوئین ہانیہ عامر نے ونٹر لکس میں دلفریب اداؤں سے مداحوں کو دیوانہ بنا لیا۔ ہانیہ عامر کا شمار پاکستان کی ٹاپ اداکاراؤں میں ہوتا ہے، ہانیہ نے کم عمری میں شوبز کی دنیا میں قدم رکھا لیکن فنکارانہ صلاحیتوں کی بدولت جلد ہی لوگوں کے دلوں پر راج کرنے لگیں۔ ان دنوں اداکارہ ہانیہ عامر بیرون ملک مقیم ہیں جہاں سیانہوں نے ونٹر لک میں کچھ تصاویر فوٹو اینڈ ویڈیو شیئر ایپ انسٹاگرام پر شیئر کیں۔ مذکورہ تصاویر میں ہانیہ سبز، گلابی، آسمانی اور سفید لائنز والا جاذب نظر سوئیٹر پہنی نظر آرہی ہیں جس کے نیچے انہوں نے سبز باڈی کون ڈریس پہن رکھا ہے، ہانیہ عامر کے کیوٹ ونٹر ڈریس کو خاص پسند کیا جارہا ہے۔ سوئیٹر پر آسمانی پھول بھی بنے ہوئے ہیں جو اس کو مزید دلکش بنا رہے ہیں جبکہ باڈی کون بغیر پرنٹ شدہ صرف سبز رنگ کی ہے، ہانیہ عامر نے لک کو مکمل کرنے کیلئے کانوں میں اسٹڈ پہنے اور شوز کے بجائے ہائی ہیلز کا انتخاب کیا۔ ہانیہ عامر کا یہ لک مداحوں کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے تصاویر پر پسندیدگی کا اظہار کیا جارہا ہے۔

سجاد علی کی بچپن کی کلاسک گلوکاری نے مداحوں کو حیران کر دیا

پاکستان کی میوزک انڈسٹری کا قابل فخر ستارہ ہے جس نے ہمیشہ محنت اور لگن پر زور دیا ہے



لاہور (یو این پی) سجاد علی نے اپنے بچپن کا ایک خوبصورت آڈیو کلپ شیئر کیا ہے جب وہ بہت مشکل گانا ''یاد پیا کی آئے'' بڑی مہارت سے گا رہے ہیں۔ سجاد علی ایک ایسے پاکستانی سنگر ہیں جنہیں ہر کوئی پسند کرتا ہے۔ ان کا تعلق ایک میوزیکل فیملی سے ہے اور گلوکار کے ٹریک 90 کی دہائی کے اوائل سے ہی لوگوں کے دل جیت رہے ہیں۔ ان کے نام پر کچھ بہترین کلاسک سونگز ہیں جیسے پیہیا، لاری اڈا، راوی اور چل رہن دے۔ وہ پاکستان کی میوزک انڈسٹری کا قابل فخر ستارہ ہے جس نے ہمیشہ محنت اور لگن پر زور دیا ہے۔ سجاد علی حادثاتی گلوکار نہیں ہیں۔ جو اتفاقیہ طور پر اس فیلڈ میں آگئے ہوں بلکہ انہیں بچپن سے ہی انتہائی کم سنی میں موسیقی کی باقاعدہ تعلیم دی گئی تھی۔

سنی لیون کے نام پر بھارتی شہری خواتین کی سرکاری اسکیم سے پیسے بٹورتا رہا



ممبئی (یو این پی) بالی وڈ اداکارہ سنی لیون کے نام پر بھارتی شہری سرکاری اسکیم سے پیسے بٹورتا رہا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت کی ریاست چھتیس گڑھ کے ضلع بستر میں شادی شدہ خواتین کی مالی مدد کی سرکاری اسکیم میں اداکارہ سنی لیون کا بھی نام سامنے آیا ہے۔ شکلی انتظامیہ کو بالی وڈ اداکارہ کا نام استعمال ہونے کا علم بھی ایک درخواست موصول ہونے کے بعد ہوا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سرکاری اسکیم میں سنی لیون کو جونی سنز کی زوجہ قرار دیا گیا اور جعل سازی کے ذریعے مقامی شہری نے پیسے بٹورے۔ رپورٹس کے مطابق اس اسکیم کے تحت ہر ماہ خواتین کے اکاؤنٹ میں ایک ہزار بھارتی روپے ٹرانسفر کیے جاتے ہیں۔

پاکستانی اداکار کا کرینہ کپور سے متعلق کیا جانیوالا تبصرہ وائرل

کراچی (یو این پی) پاکستانی اداکار خاقان شاہنواز کی جانب سے بالی وڈ سپر اسٹار کرینہ کپور کی عمر سے متعلق کیے جانے والے تبصرے نے سوشل میڈیا صارفین کو غصہ دلا دیا۔ ابھرتے ہوئے اداکار خاقان شاہنواز نے حال ہی میں جیو نیوز کے پروگرام ہنسنا منع ہے میں شرکت کی جس میں ایک خاتون مداح نے اداکار سے خواہش کا اظہار کیا۔ مداح نے کہا کہ وہ چاہتی ہیں خاقان بالی وڈ سپر اسٹار کرینہ کپور کے ساتھ فلم کریں، خاتون کی خواہش سُن کر میزبان تابش ہاشمی نے ان سے کہا کہ آپ کی شکل کرینہ سے ملتی بھی ہے اور یہ اُس فیملی کے ہی لگتے ہیں۔ خاقان شاہنواز یہ سن کر مسکرائے اور کہا میں ان کے بیٹے کا کردار کرسکتا ہوں، کرینہ جی بہت بڑی ہیں، میں ان کا بیٹا بن سکتا ہوں۔ تاہم اداکار کے ان جملوں نے نا صرف بھارتی سوشل میڈیا بلکہ پاکستانی سوشل میڈیا صارفین کو غصہ دلا دیا۔ نریانی جوشی نامی خاتون نے تبصرہ کیا کہ کرینہ کا نام لے کر بیچارے کو شہرت مل گئی۔ ساحل نامی مداح نے کہا بھائی سمجھتا ہے شاید اس نے مذاق کیا لیکن کرینہ کے لیے خاقان جیسا شخص کوئی دنیا میں ہے ہی نہیں۔ دلراج کور نے لکھا اس دنیا میں ہر شخص کی عمر بڑھے گی، پوری زندگی کوئی جوان رہتا ہے کیا؟ اس قسم کے تبصرے کرنا بند کریں۔ ایک اور صارف نے کہا اب یہ شخص کرینہ کی وجہ سے مشہور ہوجائے گا، کرینہ ایک رانی ہیں، اور جو عمر پر تبصرہ کرتے ہیں وہ یاد رکھیں کہ ان کی عمر بھی بڑھے گی۔



بالی ووڈ اداکار وگلوکار ہمیش ریشمیا کی بڑی سکرین پر واپسی

کیتھ گومز کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم 7 فروری 2025 کو سینما گھروں کی زینت بنے گی



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار وگلوکار ہمیش ریشمیا کے ڈائیلاگ بازی سے لیکر ہائی اوکٹین ایکشن سے بھرپور فلم ''روی کمار'' کا ٹریلر جاری کردیا گیا، کیتھ گومز کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم 7 فروری 2025 کو سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ فلم میں مرکزی کردار ادا کرنے والے ہمیش ریشمیا نے 2007 اداکاری میں ڈیبیو کیا اور بعد میں فلم انڈسٹری میں متعدد کرداروں میں نظر آئے، 2014 میں فلم ''دی ایکسپوز'' فلم سپر ہٹ رہی، فلم میں انکے گانے ''آپکا کا سرور'' کو بہت مقبولیت ملی، جس کو مداحوں کی جانب سے بہت پسند کیا گیا۔ اب کافی عرصے کے بعد ہمیش ریشمیا کی بڑی سکرین پر 80 کی دہائی جیسی فلم کیساتھ واپسی ہوئی ہے، ہمیش فلم میں نہ صرف پروڈیوسر میوزک ڈائریکٹر اور اداکار ہیں، بلکہ انہوں نے بیک گراؤنڈ اسکور کرنے کے ساتھ اس فلم کی کہانی اور اسکرین پلے بھی لکھا ہے، معروف اداکار پربھو دیوا فلم میں منفی کردار ادا کرنے کیلئے چنا گیا ہے۔

شاہد کپور کی فلم ''دیوا'' کا ایکشن سے بھرپور ٹیزر جاری، فلم 31 جنوری کو ریلیز ہوگی

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے معروف اداکار شاہد کپور کی آئندہ ریلیز ہونے والی ایکشن سے بھرپور فلم ''دیوا'' کا ٹیزر جاری ہوتے ہی مقبول ہوگیا۔ انڈین میڈیا کی رپورٹس کے مطابق ایکشن تھرلر فلم ''دیوا'' نے شاہد کپور کی ایک بار پھر بڑی اسکرین پر سنسنی خیز واپسی کا راستہ ہموار کیا۔ اگرچہ 52 سیکنڈ پر مشتمل ٹیزر میں کوئی ڈائیلاگ نہیں لیکن یہ بے باکی اور شدت سے بھرپور ہے تاکہ دیکھنے والوں کو اس کی ریلیز کا بے صبری سے انتظار کرنا پڑے۔ ٹیزر ایکشن سے بھرپور کہانی کا وعدہ کرتا ہے اور اس میں شاہد کپور کی متاثر کن ڈانس موووز کو ایکشن سیکوئنس کے ساتھ ملایا گیا ہے۔

حریم شاہ نے پاکستانی مردوں کو بیوقوف قرار دیدیا

پاکستانی مرد حضرات کو آسانی سے الو بنایا جاسکتا اور ان کو ناکوں چنے چبوائے جاسکتے ہیں



لاہور (این این آئی) معروف پاکستانی ٹک ٹاک حریم شاہ نے پاکستانی مردوں کو بیوقوف قرار دے دیا۔ حال ہی میں ٹک ٹاکر حریم شاہ ایک پوڈکاسٹ میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے پاکستانی مردوں سے متعلق تضحیک آمیز گفتگو کی۔ حریم شاہ نے پاکستانی مردوں سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی مردوں کو بیوقوف بنایا جارہا ہے۔ آسانی سے الو بنایا جاسکتا اور ان کو ناکوں چنے چبوائے جاسکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اس معاشرے میں ہونے والے تمام ظلم مرد کرتے ہیں اور اسکے باوجود جو مرد متعدد خواتین کے ساتھ تعلقات رکھتے ہیں وہ خود کو ہیرو سمجھتے ہیں۔ حریم شاہ کے اس بیان کے بعد انہیں سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔

اداکارہ ریما پر کروڑوں کے فراڈ کا الزام، مقدمہ درج

شاہد رفیق نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے ریما خان کی فلم 'لو میں گم' میں سرمایہ کاری کی تھی



پاکستانی فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ ریما خان ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئی ہیں، اس بار ایک شخص شاہد رفیق کی جانب سے ان پر فراڈ کے الزامات عائد کیے گئے ہیں جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے۔ قطر میں ملازمت کرنے والے شاہد رفیق نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے ریما خان کی فلم 'لو میں گم' میں سرمایہ کاری کی تھی تاہم ان کے ساتھ ریما کی جانب سے کروڑوں کا فراڈ کیا گیا ہے۔ شاہد رفیق کے مطابق، 2009 میں وہ قطر سے لاہور واپس آئے تاکہ پراپرٹی خرید سکیں۔ اس دوران ان کی ملاقات ریما خان کی بہن، مائرہ خان سے ہوئی، جو رئیل اسٹیٹ کے کاروبار سے وابستہ تھیں۔ مائرہ نے انہیں فلم میں سرمایہ کاری کا مشورہ دیا اور منافع کی یقین دہانی کرائی جس پر وہ رضامند ہوگئے۔ شاہد کا کہنا ہے کہ مائرہ نے ان کی ریما خان سے ملاقات بھی کروائی، جس کے بعد شاہد نے پیسے منتقل کیے۔ تاہم مائرہ نے انہیں پلاٹس فروخت کرنے سے انکار کرتے ہوئے مزید رقم کا مطالبہ کیا۔

شرمیلا فاروقی کا حنا بیات کو سخت جواب: 'خواتین کے لباس پر تنقید بند کریں!

پاکستانی اداکارائیں ہانیہ عامر اور یشما گل اپنی دوست کی شادی کی مہندی میں دھوم مچاتی نظر آئیں

پاکستانی اداکارائیں ہانیہ عامر اور یشما گل اپنی دوست کی شادی کی مہندی میں دھوم مچاتی نظر آئیں۔ دونوں نے مختصر لباس پہنے اور اپنی دلکش حرکات وسکنات سے محفل کو چار چاند لگا دیے۔ مہندی کی تقریب میں ہانیہ، یشما اور دنانیر کی ڈانس ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوئیں، جنہیں مداحوں نے خوب پسند کیا۔ لیکن جیسے ہی ویڈیوز نے مقبولیت حاصل کی، کچھ لوگوں نے ہانیہ اور یشما کے لباس پر تنقید شروع کر دی۔ اداکارہ حنا خواجہ بیات نے بھی تنقیدی تبصرہ کرتے ہوئے کہا، "کیا لوگوں کو تمیز نام کی چیز بھول گئی ہے؟" سابق رکن سندھ اسمبلی شرمیلا فاروقی نے حنا خواجہ بیات کی تنقید کا جواب دیتے ہوئے انسٹاگرام اسٹوری پر لکھا، "خواتین کے لباس کی بنیاد پر ان کا فیصلہ کرنا بند کریں۔ اگر ایسا ہے تو تمام مردوں کو شیروانی پہننی چاہیے، نہ کہ سوٹ۔"

آج بھی سچا پیار ملنا مشکل نہیں، سنجیدہ شیخ

زندگی میں ایسا شخص تلاش کرنا چاہیے جو سکون دے سکے، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ سنجیدہ شیخ نے کہا ہے کہ آج بھی سچا پیار ملنا مشکل نہیں ہے، زندگی میں ایسا شخص تلاش کرنا چاہیے جو سکون دے سکے۔ اداکارہ سنجیدہ شیخ نے ایک انٹرویو میں کہا کہ میرا ذاتی طور پر خیال ہے کہ محبت ایک خوبصورت احساس ہے، ایک ایسے شخص کو تلاش کیا جائے جو آپ کی روح کو پرسکون کرسکے۔ وہ کہتی ہیں کہ آپ کو اس شخص میں سکون تلاش کرنے کے قابل ہونا چاہیے، یہ خوبصورت احساس ہے کہ اسے محسوس کیا جائے اور وہ ساتھ ہو۔ انہوں نے کہا کہ زندگی کے اچھے مراحل آپ کو لمحے میں رہنا سکھاتے ہیں لیکن برے مراحل آپ کو مشکل سے واپس آنا سکھاتے ہیں، سب کی زندگی میں کچھ نہ کچھ ہوتا ہے۔

ملک کے ممتاز مصنف اور ڈرامہ نگار منو بھائی کی ساتویں برسی 19 جنوری کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) ملک کے ممتاز مصنف اور ڈرامہ نگار منو بھائی کی ساتویں برسی 19 جنوری کو منائی جائے گی۔ کالم نویس، دانشور اور صحافی منو بھائی 6 فروری 1933 کو وزیر آباد میں پیدا ہوئے اور وہ 50 سال سے زائد عرصے تک کالم نگاری سے منسلک رہے۔ منو بھائی نے پاکستان ٹیلی وژن کے لیے بہت سے ڈرامے لکھے۔ ان کا سب سے مشہور ڈرامہ سونا چاندی ہے۔ سن 2007 میں انہیں صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سے بھی نوازا گیا۔ منو بھائی نے مختلف اخبارات میں ہزاروں کالم لکھے۔ غربت، عدم مساوات، سرمایہ دارانہ نظام، خواتین کا استحصال اور عام آدمی کے مسائل منو بھائی کے کالموں کے موضوعات تھے۔ وہ متعدد اخبارات کے ساتھ منسلک رہے، خبر اور کالم میں قلم کی کاٹ سے معاشرے کی اچھائیوں اور برائیوں کو بے نقاب کیا۔ منو بھائی 19 جنوری 2018ء کو خالق حقیقی سے جا ملے۔

شہرہ آفاق فلم شعلے کا کاٹا گیا اہم سین 49 سال بعد سامنے آگیا

ممبئی (این این آئی) 1975 میں ریلیز ہونے والی بالی وڈ کی مشہور زمانہ فلم 'شعلے' بھارت کی سب سے کامیاب اور سپر ہٹ فلم سمجھی جاتی ہے جس کے جاندار ڈائیلاگ آج بھی فلمی شائقین کی زبانوں پر ہیں۔ بالی وڈ ہدایت کار رمیش پی کی تاریخی فلم شعلے کی اسٹار کاسٹ میں دھرمیندر، ایتابھ بچن، امجد خان، سنجیو کمار، ہیما مالنی اور جیا بچن شامل تھے۔ فلم کی ریلیز کو 49 سال ہو چکے ہیں تاہم فلم سے متعلق شائقین کی دلچسپی کم نہیں ہوئی۔ فلم کے ہیرو دھرمیندر اور ایتابھ بچن نے جہاں اس فلم سے بے پناہ شہرت کمائی وہیں اپنی جاندار اداکاری سے امجد خان نے ولن کیکردار یعنی گبر کو امر کردیا۔ گبر کے کردار کو اگر فلم شعلے کی جان اور سب سے مشہور کردار کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ بھارتی میڈیا پر فلم کی ریلیز کے 49 سال بعد ایک تصویر کا چرچا ہے جس کے متعلق بتایا گیا ہیکہ یہ فلم کے اس سین کی تصویر ہے جسے سنسر بورڈ نے حذف کردیا تھا۔

200 کلو وزن کم کرنیوالا برازیلین ٹی وی اسٹار 37 سال کی عمر میں چل بسا

ریوڈی جنیرو (این این آئی) برازیل کے ریٹائرڈ ٹی وی اسٹار اور فٹنس انفلوئنسر گیبریل فریٹاس 37 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق 2017 میں حیرت انگیز طور پر 200 کلو وزن کم کرنے کی وجہ سے بین الاقوامی سطح پر توجہ حاصل کرنے والے گیبریل 30 دسمبر کو نیند کے دوران دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گیبریل کا وزن 320 کلوگرام تھا لیکن مسلسل محنت، ورزش اور ڈائٹ کی وجہ سے انہوں نے ڈیڑھ سال کے عرصے میں تقریباً 200 کلو سے زائد وزن کم کرکے اپنا وزن 114 کلو تک کرلیا تھا۔ ان کی موت کی تصدیق ان کے قریبی دوست نے کی۔ انسٹاگرام پر 70 ہزار سے زائد فالورز والے گیبریل کا وزن کم کرنے کا متاثر کن سفر سوشل میڈیا اور یوٹیوب کے ذریعے وائرل ہوا تھا۔ ان کی کہانی سب سے پہلے 2017 میں برازیل کے ٹی وی شو میں پیش کی گئی تھی۔

معروف اداکارہ مہوش حیات نے زندگی کی 37 بہاریں دیکھ لیں

6 جنوری 1983 کو کراچی میں پیدا ہونے والی اداکارہ مہوش حیات نے ماڈلنگ سے فنی کیریئر کا آغاز کیا

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف اداکارہ مہوش حیات نے زندگی کی 37 بہاریں دیکھ لیں۔ مہوش حیات نے پاکستانی ڈراموں اور فلموں میں شاندار اداکاری کے جوہر دکھائے، ماروی کی ٹی وی سیریز مس ماروی میں عائشہ کا کردار ادا کیا، حکومت پاکستان کی جانب سے 2019 میں مہوش حیات کو تمغہ امتیاز سے بھی نوازا گیا۔ 6 جنوری 1983 کو کراچی میں پیدا ہونے والی اداکارہ مہوش حیات نے ماڈلنگ سے فنی کیریئر کا آغاز کیا، 2010 میں انہوں نے ڈرامہ سیریل ماں جلی کے ذریعے اداکاری کے میدان میں قدم رکھا اور اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ ٹی و

روزنامہ قوت لاہور
بانی ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

بقایاجات کی عدم ادائیگی پر مال منڈی والا ریلوے پھاٹک احتجاجاً بند

شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے واجبات ادا کر کے ریلوے پھاٹک کو فوری کھلوانے کا مطالبہ کر دیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) بقایاجات کی عدم ادائیگی پر مال منڈی والا ریلوے پھاٹک احتجاجاً بند، شہریوں نے ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ سے واجبات ادا کر کے ریلوے پھاٹک کو فوری کھلوانے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ریلوے اسٹیشن ماسٹر ننکانہ صاحب رائے امجد علی کا کہنا ہے کہ میونسپل کمیٹی کے ذمہ پھاٹک کے تین گیٹ مینوں کی کئی ماہ کی تنخواہوں کی مد میں ایک کروڑ 11 لاکھ 650 روپے کے واجبات ہیں، ریلوے حکام نے 34 یقین دہانیوں کے باوجود واجبات ادا نہیں کیے جس کے باعث مجبوراً ریلوے حکام کے حکم پر مذکورہ ریلوے پھاٹک کو بند کر دیا گیا جب تک میونسپل کمیٹی ملازمین کی تنخواہوں کے واجبات ادا نہیں کرے گی یہ پھاٹک بند رہے گا۔ شہر کے وسط میں ریلوے پھاٹک بند ہونے سے ضلع کچہری، شاد باغ کالونی، کینیڈا کالونی، بھٹہ آبادی، آفیسرز کالونی اور نالی والا گاؤں سمیت متعدد دیہات کے لوگوں کو شہر آنے جانے میں شدید دشواری کا سامنا ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ سے واجبات ادا کر کے ریلوے پھاٹک کو فوری کھلوانے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ شہریوں کی مشکلات کا ازالہ ہو سکے درسیں اثناء ریلوے پھاٹک بند ہونے کی وجہ سے موٹر سائیکل اور رکشے وغیرہ ریلوے لائن عبور کر رہے ہیں جس کی وجہ سے کسی وقت بھی کوئی ناخوشگوار حادثہ پیش آنے کا اندیشہ ہے۔

ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کی زیر صدارت منٹگمری ہال میں "ستھرا پنجاب" پروگرام کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کی زیر صدارت منٹگمری ہال میں "ستھرا پنجاب" پروگرام کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ، اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب، اسسٹنٹ کمشنر پیپچہ وٹنی وحید حسن گوندل اور چیف آفیسر ضلع کونسل رانا غلام دستگیر کے علاوہ میونسپل کارپوریشن، و دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صفائی ستھرائی کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور موجودہ کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت دی کہ شہری علاقوں میں صفائی کے عمل کو بہتر بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں اور صفائی کے معیار میں مزید بہتری کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہر کے مختلف علاقوں میں خصوصی صفائی مہمات شروع کی جائیں اور ان علاقوں میں صفائی کے عملے کی موجودگی کو یقینی بنایا جائے جہاں شکایات زیادہ موصول ہوتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کچرے کو روزانہ کی بنیاد پر ٹھکانے لگانے کا عمل مؤثر بنایا جائے تاکہ شہر میں صفائی کا اعلیٰ معیار برقرار رکھا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ضلع کونسل اور میونسپل کارپوریشنز اور کنٹینر کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ تجاوزات کے خلاف مہم بھی روزانہ کی بنیاد پر جاری رکھیں اور ختم کروائی گئی تجاوزات کو دوبارہ شروع نہ ہونے دیں۔

ظفروال سنگھترہ قدیم تجارتی مرکز، سنگھترہ ہسپتال کے لئے 5 ایکڑ زمین وقف کی

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق۔۔۔عوامی نمائندے کا انتخاب خود اپنے لیے کرنا یہ جمہوریت کی آسان تعریف ہے۔ علاقہ سنگھترہ ایک قدیمی گاؤں ہے، جس کو قیام پاکستان سے قبل بھی تجارتی مرکز کی حیثیت حاصل تھی۔ میرے دادا جان مولانا محمد شفیع صدیقی رح پھیرو میں رہے اور قیام پاکستان سے قبل اور بعد میں علاقہ کی خوب خدمت کی بعد میرے والد گرامی قدر مولانا نذیر احمد صدیقی رح مسلسل کئی سالوں چیئرمین رہے اور بجلی ڈاک خانہ سکول ہسپتال جیسی عظیم خدمات سرانجام دیں۔ سنگھترہ ہسپتال کی جگہ پانچ کنال کی اپنی جیب سے خرید کر وقف کی۔ اب ایک دیرینہ مسئلہ سنگھترہ تا رحیم آباد روڈ کا تھا عرصہ دراز سے علاقہ کے مکین اس سفری شدید تکلیف کا شکار تھے۔ ناروال کی پہچان علاقہ بھر کی شان اصول سیاست سے واقف۔ کمال شخصیت ہمدرد خیر خواہ محترم و مکرم جناب پروفیسر احسن اقبال صاحب اور انکے صحیح جانشین میدان سیاست کے ابھرتے ہوئے چاند جناب احمد اقبال صاحب محترم جناب بلال اکبر صاحب وزیر ڈائنامپورٹ اور ہر دل عزیز ایم این اے جناب انوار الحق صاحب ان تمام احباب کی مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں یہ سڑک کا کام شروع ہو چکا ہے۔

فیصل آباد پریس کلب میں مولانا یوسف ثالث قریشی کی نومنتخب صدر شاہد علی سے ملاقات

مولانا یوسف ثالث قریشی نے شاہد علی اور ان کی پوری ٹیم کو بلا مقابلہ کامیابی پر مبارکباد پیش کی



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) پریس کلب فیصل آباد میں حضرت مولانا یوسف ثالث قریشی دامت برکاتہم العالیہ، مدیر دارالعلوم فیصل آباد اور جانشین حضرت مولانا مفتی زین العابدین رحمہ اللہ، نے اپنے صاحبزادے مولانا حسان یوسف ثالث قریشی اور ابن حضرت مولانا انور شاہ رحمتہ اللہ علیہ، سید زین الصالحین شاہ کے ہمراہ نومنتخب صدر پریس کلب شاھد علی صاحب اور ان کی کابینہ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر مولانا یوسف ثالث قریشی نے شاہد علی اور ان کی پوری ٹیم کو بلا مقابلہ کامیابی پر مبارکباد پیش کی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ ملاقات کے دوران ملکی و ملی صورتحال پر تبادلہ خیال ہوا اور موجودہ حالات پر خصوصی گفتگو کی گئی۔ مولانا یوسف ثالث قریشی نے اپنے والد محترم حضرت مولانا مفتی زین العابدین رحمہ اللہ کی یادگار سالانہ دستار بندی کی تقریب، جو کہ 12 جنوری 2025ء کو گلشن دارالعلوم پیپلز کالونی نمبر 2 فیصل آباد میں منعقد ہوگی، کا دعوت نامہ بھی پیش کیا۔ شاہد علی نے اس دعوت کو بخوشی قبول کیا اور اپنی پوری کابینہ کے ہمراہ شرکت کا وعدہ کیا۔ مزید برآں، شاہد علی نے دارالعلوم فیصل آباد کے تفصیلی دورے کا بھی وعدہ کیا۔

بانی پاکستان پیپلز پارٹی قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی 97 ویں سالگرہ کی تقریب

تقریب میں سٹی صدر سید ندیم عباس کاظمی، میاں لیاقت علی، چوہدری لطیف احسن پنوں و دیگر کی شرکت



تخنوپورہ (بیورو رپورٹ) بانی پاکستان پیپلز پارٹی قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی 97 ویں سالگرہ کی تقریب ضلعی سینئر نائب صدر چوہدری خالق عزیز مت ورک کے ڈیرہ پر منعقد ہوئی جس کی صدارت پارٹی کے ڈویژنل نائب صدر چوہدری منیر قمر وا ہگہ نے کی تقریب میں سٹی صدر سید ندیم عباس کاظمی، میاں لیاقت علی، چوہدری لطیف احسن پنوں، رانا محمد اکرم ناز، طاہر سعید بھون، اشفاق انجم، ملک صدیف کھوکھر، کاشف گیلانی، سید اطہر حسین شاہ، محمود اختر، ڈاکٹر قیصر امین و دیگر رہنماؤں اور کارکنان نے شرکت کی اس موقع پر سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور ملکی سلامتی و ترقی کی خصوصی دعا کی گئی، شرکاء تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری منیر قمر وا ہگہ نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو پاکستانی قوم کے حقیقی محسن و خیر خواہ ہیں جنہوں نے اپنی زندگی ملک و قوم کی خدمت کی خاطر وقف کیے رکھی اور آمریت کے خلاف سینہ سپر رہ کر جام شہادت نوش کیا ان کی خدمات اور قربانیوں کو کبھی بھلایا نہیں جا سکتا۔

تقریب میں سٹی صدر سید ندیم عباس کاظمی، میاں لیاقت علی، چوہدری لطیف احسن پنوں و دیگر کی شرکت

بھون، اشفاق انجم، ملک صدیف کھوکھر، کاشف گیلانی، سید اطہر حسین شاہ، محمود اختر، ڈاکٹر قیصر امین و دیگر رہنماؤں اور کارکنان نے شرکت کی اس موقع پر سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور ملکی سلامتی و ترقی کی خصوصی دعا کی گئی، شرکاء تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری منیر قمر وا ہگہ نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو پاکستانی قوم کے حقیقی محسن و خیر خواہ ہیں جنہوں نے اپنی زندگی ملک و قوم کی خدمت کی خاطر وقف کیے رکھی اور آمریت کے خلاف سینہ سپر رہ کر جام شہادت نوش کیا ان کی خدمات اور قربانیوں کو کبھی بھلایا نہیں جا سکتا۔

دی مشن ایجوکیشن سسٹم چک نمبر 5 کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات

تقریب میں سیاسی وسماجی رہنماؤں، والدین اور طلباء وطالبات نے شرکت کی



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) دی مشن ایجوکیشن سسٹم چک نمبر 5 کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق دی مشن ایجوکیشن سسٹم چک نمبر 5 کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا جس میں سیاسی و سماجی رہنماؤں، والدین اور طلباء وطالبات نے شرکت کی، اس موقع پر سکول انتظامیہ کی طرف سے پلے گروپ سے ایف ایس سی کلاسز میں پوزیشن حاصل کرنے اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء وطالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سکول کے پرنسپل محمد ندیم نے کہا کہ ہمارا ادارہ گزشتہ پانچ سالوں سے علاقے کے ہزاروں طلباء وطالبات کو زیور تعلیم سے آراستہ کر رہا ہے، ہمارے ادارے میں تعلیم کے ساتھ ساتھ بچوں کی تربیت پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے تاکہ وہ معاشرے کا مفید حصہ بن سکیں۔

ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے انچارج لائسنسنگ برانچ انسپکٹر محمد پرویز کے ہمراہ ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ کا دورہ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے انچارج لائسنسنگ برانچ انسپکٹر محمد پرویز کے ہمراہ ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ کا دورہ کیا اور ڈرائیونگ لائسنسوں کے اجراء کے حوالے سے امیدواروں کے جاری ای ٹیسٹ و ڈرائیونگ سکلز ٹیسٹوں کا جائزہ لیا انہوں نے امیدواروں سے ملاقاتیں کر کے عملہ کی کارکردگی بھی دریافت کی اس موقع پر ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے میڈیا کو بتایا کہ ای ٹیسٹ اور سکلز ٹیسٹ روزانہ کی بنیاد پر لئے جا رہے ہیں اور تمام امیدواروں کو اپنی ڈرائیونگ میں مہارت دکھانے کا پورا موقع دیا جا رہا ہے تاکہ انہیں میرٹ پر ڈرائیونگ لائسنسوں کا اجراء ممکن ہو سکے اس ذمہ داری کی انجام دہی کی خاطر ڈرائیونگ لائسنس برانچ کے تمام افسران و عملہ مستعدی سے اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے، انہوں نے کہا کہ ڈرائیونگ ایک نہایت ذمہ دارانہ عمل ہے جس میں چھوٹی سی کوتاہی حادثات کی صورت میں انسانی جانوں کے ضیاع کا سبب بن سکتی ہے جس کے پیش نظر ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کا اقدام اٹھایا گیا تاکہ فقط ڈرائیونگ میں مہارت کے حامل افراد ہی گاڑی چلانے کے اہل قرار پا سکیں جبکہ بغیر ڈرائیونگ لائسنس گاڑی چلانے والوں کی حوصلہ شکنی کیلئے بھی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں اور ٹریفک پولیس ملازمین روزانہ کی بنیاد پر ڈرائیونگ کرنے والے افراد کے لائسنس چیک کرتے ہیں اور لائسنس نہ رکھنے والوں کو جرمانے کئے جاتے ہیں، شہریوں کو چاہئے کہ وہ بغیر لائسنس گاڑی چلا کر ڈرائیونگ نہ کریں تاکہ وہ قانونی کاروائی سے محفوظ رہ سکیں اور اپنی و دوسروں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کا بھی سبب نہ بن سکیں۔

کھلی کچہری میں بچوں کی شکایت پر ڈی پی او ساہیوال ان ایکشن



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کھلی کچہری میں بچوں کی شکایت پر ڈی پی او ساہیوال ان ایکشن چک نمبر 89/9 ایل علاقہ تھانہ غلہ منڈی کے رہائشی بچوں نے کھلی کچہری میں گراؤنڈ کے حوالے سے اپنے مسائل بیان کیے۔ جس پر ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد نے بچوں کے گراؤنڈ کے حوالے سے مسائل سن کر فوری حل کرنے کے لیے ایس ایچ او تھانہ غلہ منڈی کو احکامات جاری کیے کہ بچوں کے کھیلنے کیلئے گراؤنڈ کو فوری طور پر خالی کروایا جائے جس پر ایس ایچ او تھانہ غلہ منڈی نے گراؤنڈ کو فوری طور پر خالی کروایا۔ آج علاقہ تھانہ غلہ منڈی کے رہائشی بچوں نے دوستانہ میچ میں ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کو بطور مہمان خوصی مدعو کیا بچوں نے اور ان کے والدین نے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کا شاندار استقبال کیا اور ڈی پی او ساہیوال کا شکریہ ادا کیا، اس موقع پر ڈی پی او ساہیوال کا کہنا تھا کہ شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے میں چوبیس گھنٹے حاضر ہوں میرے ضلع میں بچے ہوں یا بڑے پولیس کے متعلقہ جائز مسائل کو میں ترجیح بنیادوں پر حل کروں گا۔

ظفروال اندھیر نگری چوپٹ راج اسسٹنٹ کمشنر ظفروال کی سرکاری گاڑی کا ڈرائیور محکمہ صحت کا ملازم نکلا جبکہ محکمہ ریونیو کا ملازم بھی ڈرائیور ہے

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر ظفروال شانہ نذیر کی سرکاری ڈرائیور محکمہ ریونیو کی بجائے محکمہ صحت کا ملازم ہے زرائع کا کہنا ہے کہ محکمہ ریونیو میں ملازم جنید بھی ڈرائیور ہے اور اسسٹنٹ کمشنر کی گاڑی کا سرکاری ملازم ہے اور محمد اکرم جو کہ محکمہ صحت کا ملازم ہے اس کو ڈیپوٹیشن پر اسسٹنٹ کمشنر ظفروال کا ڈرائیور رکھا گیا ہے جو کہ سرکاری ڈیوٹی کے علاوہ بھی اپنے آپ کو اسسٹنٹ کمشنر کا ڈرائیور بتا کر دوکانداروں کو بلیک میل کرتا ہے۔ جن کا کہنا ہے کہ ایسے سرکاری ملازم اداروں پر سیاہ دھبہ ہوتے ہیں ایسی کالی بھیڑوں کو نوکری سے برخاست کر دینا چاہئے جو ادارے کی بدنامی کا باعث بنتے ہوں۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب۔ احمد اقبال ایم پی اے چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب۔ کمشنر گوجرانوالہ۔ ڈپٹی کمشنر نارووال سے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے رشوت خور سرکاری ملازم کو فی الفور تبدیل کیا جائے۔

انجمن غوثیہ کے سرپرست اعلیٰ اور بزرگ صحافی شیخ عبدالخالق قادری کے دسواں شریف کا ختم آج ہوگا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) انجمن غوثیہ کے سرپرست اعلیٰ اور بزرگ صحافی شیخ عبدالخالق قادری کے دسواں شریف کا ختم آج پنڈی بھٹیاں میں بعد نماز ظہر ہوگا جس میں معروف علماء ومشائخ عظام شرکت کریں گے۔ اس موقع پر مرحوم کی روح کو ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی بھی کی جائے گی۔

سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 97 ویں سالگرہ کی تقریب

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 97 ویں سالگرہ کی تقریب راجہ چوک میں منعقد ہوئی، جس کی صدارت چوہدری لیئن سندھو نے کی۔ جبکہ تقریب سے رانا آفتاب، سید مصدق حسین غزنوی، شیخ محمد الیاس، اکرم مجاہد، محمد شفیق راہی، ممتاز آرٹسٹ، شفقت شفیق، غلام محی الدین صابا، آغا اکبر، بشارت علی، اعجاز رحمانی سیٹھ سرور، الحاج زاہد فاروق، طارق محمود طائر اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے بھٹو شہید کی ملک و قوم اور پارٹی کے لیے خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بھٹو شہید ایک بین الاقوامی شخصیت تھے۔ انہوں نے پاکستان کا نام پوری دنیا میں روشن کیا پاکستان کو ایٹم بم کا تحفہ، 1973 کا متفقہ آئین اور اسلامی کانفرنس بھی بھٹو شہید کے کارنامے ہیں۔

ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس امیدوار صدر کی کامیابی کیلئے پرعزم ہیں، ملک شہباز احمد عرفان وڑائچ کی جیت کیلئے دن رات کمپئین جاری ہے۔ فیصل تیمور سیٹھ



رہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف وکیل رہنما و ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان ایڈووکیٹ ہائی کورٹس، فیصل تیمور سیٹھ، سیکرٹری جنرل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چوہدری راحت نذیر وینس، طاہر اختر قادری، میاں مرتضیٰ حسن علی الیاس ایڈووکیٹ ہائی کورٹس، توصیف احمد چوہدری، علی رضا اعوان، نوید جاوید باجوہ، ایس بی باجوہ و شرکاء وکلاء نے میڈیا بیان میں کیا۔ سنیئر وکیل رہنماء ملک شہباز احمد اعوان نے کہا کہ وکلاء کی فلاح و بہبود کے تحفظ کیلئے عرفان اللہ وڑائچ سے بہتر چوائس نہیں۔

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) 11 جنوری کا دن انشاء اللہ ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد امیدوار صدر چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کی جیت کی نوید لے کر طلوع ہوگا جس کیلئے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے ساتھی وکلاء گروپس سمیت تمام شرکاء بھرپور کمپئین کر

پنجاب فوڈ اتھارٹی گوجرانوالہ ڈویژن نے سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کر دی

سال 2024 کے دوران 1 لاکھ 45 ہزار 188 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) کھیت سے پلیٹ تک محفوظ خوراک کی فراہمی کا مشن لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی گوجرانوالہ ڈویژن کی سال 2024 کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی جبکہ جعل سازی اور ملاوٹ میں ملوث 84 فوڈ پوائنٹس کے مالکان کے خلاف مقدمات کا اندراج کروایا گیا۔ 1 ہزار 646 خوراک کے نمونے مزید تجزیے کے لیے فوڈ لیبارٹری بھجوائے گئے جن کی رپورٹ آنے پر مزید کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ گوجرانوالہ، سیالکوٹ، نارووال، گجرات، حافظ آباد اور منڈی بہاؤالدین اضلاع میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے کارروائیاں کرتے ہوئے 51 ہزار 399 دکانوں اور پروڈکشن یونٹس کو سخت وارننگ جاری کیں۔ 34 ہزار 20 فوڈ پوائنٹس کو رجسٹرڈ کر کے چیکنگ کے دائرہ کار میں لایا گیا۔ فوڈ سیفٹی قوانین کے سنگین خلاف ورزیوں پر 461 یونٹس کی پروڈکشنز بند کر دی گئی جبکہ جعل سازی اور ملاوٹ میں ملوث 84 فوڈ پوائنٹس کے مالکان کے خلاف مقدمات کا اندراج کروایا گیا۔ 1 ہزار 646 خوراک کے نمونے مزید تجزیے کے لیے فوڈ لیبارٹری بھجوائے گئے جن کی رپورٹ آنے پر مزید کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ گوجرانوالہ، سیالکوٹ، نارووال، گجرات، حافظ آباد اور منڈی بہاؤالدین اضلاع میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے کارروائیاں کرتے ہوئے 51 ہزار 399 دکانوں اور پروڈکشن یونٹس کو سخت وارننگ جاری کیں۔ 34 ہزار 20 فوڈ پوائنٹس کو رجسٹرڈ کر کے چیکنگ کے دائرہ کار میں لایا گیا۔ 1 لاکھ 45 ہزار 188 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی جس میں 12 ہزار 460 یونٹس کو 13 کروڑ 55 لاکھ 27 ہزار 100 روپے کے جرمانے عائد کیے گئے،

حادثے میں زخمی ڈپٹی ڈائریکٹر کے گھر اے ڈی سی کی آمد، اظہار تعزیت

ڈپٹی ڈائریکٹر منور حسین سے ملاقات کی اور انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل پنجاب سر عابد نور بھٹی، ڈاکٹر رفیق کھوکھر اور وائس آف کینیڈا کے کنٹری ہیڈ بشیر باجوہ نے گذشتہ دنوں ٹریفک حادثہ میں زخمی ہونے والے ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ گوجرانوالہ منور حسین کی خصوصی محبت اور شفقت کرتے ہوئے انکے گھر جا کر عیادت کی۔ انہوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر منور حسین سے ملاقات کی اور انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ منور حسین کو جلد از جلد صحت عطا فرمائے تاکہ وہ اپنے فرائض منصبی دوبارہ سنبھال سکیں۔

دیپالپور پولیس نے 13 سالہ لڑکے کے کیساتھ زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا

دیپالپور (زاہد عمران نجموقوت) دیپالپور 13 سالہ لڑکے کیساتھ زیادتی ملزم گرفتار اوکاڑہ تھانہ حویلی لکھا کی حدود محلہ رسول پورہ میں لڑکے کے ساتھ زیادتی اوکاڑہ ملزم ارشد نے لڑکے کو خالی مکان میں لے جا کر اسے زیادتی کا نشانہ بنایا اوکاڑہ لڑکے کا اپنے بھائی کو تلاش کرنے کے لیے نکلا تھا، ملزم مدد کرنے کے بہانے ساتھ لے گیا ملزم زیادتی کرنے کے بعد فرار ہو گیا تھا۔ پولیس نے فیلیل وقت میں ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا اوکاڑہ لڑکے کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج اوکاڑہ متاثرہ لڑکے کے لیے انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

جھنگ پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف غیر معمولی کاروائیوں کا سلسلہ جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر جھنگ پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف غیر معمولی کاروائیوں کا سلسلہ جاری۔ تھانہ صدر کے علاقے سے 5 کلو گرام سے زائد چرس برآمد، منشیات فروش رنگے ہاتھوں گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر ایس ایچ او تھانہ صدر نواز خان بلوچ کی سربراہی میں پولیس اہلکاروں نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک کرتے ہوئے 5 کلو گرام سے زائد چرس برآمد کر کے ملزم عمران کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کے خلاف 9D کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ریڈ کے دوران غیر قانونی اسلحہ بردار بھی پسٹل سمیت گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس افسران کو شاباش دیتے ہوئے ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں اور انکے سہولت کاروں کے خلاف کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ معاشرے سے منشیات جیسی لعنت کے خاتمے کیلئے پولیس مکمل طور پر متحرک ہے۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ منشیات کے خاتمے کیلئے سوسائٹی کے تمام طبقات کو کردار ادا کرنا ہوگا۔

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ کے سالانہ انتخابات کے موقع پر کانجو میرج ہال چنیوٹ میں عشائیہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ کے سالانہ انتخابات کے سلسلہ میں نسوانہ گروپ کے نامزد امیدوار جنرل سیکرٹری چوہدری تصدق حسین کولی ایڈووکیٹ کی طرف سے وکلا کے اعزاز میں کانجو میرج ہال چنیوٹ میں عشائیہ دیا گیا اس موقع پر ملک غلام عباس نسوانہ ایڈووکیٹ نے خصوصی شرکت کی جبکہ امیدوار جنرل سیکرٹری چوہدری تصدق حسین کولی ایڈووکیٹ نے تمام وکلا برادری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میں وکلا برادری کی توقعات پر پورا اتروں گا وکلا برادری کی فلاح و بہبود اور بہتری کیلئے کوششیں کرونگا کامیاب ہونے کے بعد جو وعدے کئے ہیں ان کو ہر صورت میں پورا کیا جائے گا۔

تیز رفتار ڈمپر اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم چار افراد شدید زخمی ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تیز رفتار ڈمپر اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم چار افراد شدید زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق لاہور روڈ ہر سہ شیخ کے قریب دھند کے باعث ڈمپر اور ٹریکٹر ٹرالی میں ٹکراؤ کے نتیجہ میں چار افراد زخمی ہو گئے زخمی ہونے والوں میں تین خواتین فاطمہ کنیز خیرہ بی بی زخمی ہوئی جبکہ اٹھارہ سالہ نعمان شدید زخمی ہو گیا جس کو ریسکیو 1122 کے عملہ نے فوری طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کر دیا۔

ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن چنیوٹ کا اگلے چار سال کیلئے چناؤ

کاشف علی کنگ کی طرف سے پوری سپورٹس ایسوسی ایشن کو پر تکلف عشائیہ دیا گیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن چنیوٹ کا اگلے چار سال کیلئے چناؤ اور اجلاس ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن چنیوٹ کا اجلاس زیر صدارت سید نور الحسن شاہ سرپرست اعلیٰ) بمقام کاشف علی کنگ (کنگ ہاؤس) سیٹلائیٹ چنیوٹ میں منعقد ہوا۔ کاشف علی کنگ کی طرف سے پوری سپورٹس ایسوسی ایشن کو پر تکلف عشائیہ دیا گیا۔ جس میں ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن کے تقریباً تمام ممبران نے شرکت کی سب سے پہلے مرکزی کابینہ کا اگلے چار سال کیلئے چناؤ کیا گیا جس میں ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن چنیوٹ کے چیئرمین کیلئے چنیوٹ کی مشہور و معروف شخصیت چوہدری مسعود اقبال، وائس چیئرمین ملک حاجی شہادت علی کھوکھر ایم ڈی کانجو میڈیم سرپرست اعلیٰ سید نور الحسن شاہ صاحب، صدر چوہدری عطا مالرحمان طاہر، جنرل سیکرٹری ملک اصغر علی گوگا فنانس سیکرٹری شیخ شاہد احمد، سینئر نائب صدر محمد امین مغل، نائب صدر خطابت حسین مارنی، حاجی شہباز حسین اور انجم پہلوان ہم چنے گئے ایسوسی ایٹ سیکرٹری کیلئے حافظ نعیم اختر میڈیا کوارڈینیٹر اقبال پیرزادہ، پریس سپورٹس کوارڈینیٹر عالم صدیقی، آئی سیکرٹری ندیم بھولا اور سیکرٹری نشر و اطلاعات غلام رسول بدر منتخب ہوئے اجلاس میں منتخب ہونے والے ممبران کو مبارکباد دی گئی۔

راجہ رفعت مختار کا آئی جی موٹروے تعینات ہونا خوش آئند ہے، چوہدری عمران چیمہ

راجہ رفعت مختار ایک باصلاحیت خوش اخلاق اور ملنسار پروفیشنل پولیس آفیسر ہیں



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) معروف سینئر کالم نگار اور ریسرچ پاکستانی چوہدری عمران علی چیمہ نے کہا ہے کہ راجہ رفعت مختار کا آئی جی موٹروے تعینات ہونا خوش آئند ہے۔ راجہ رفعت مختار ایک باصلاحیت 'خوش اخلاق 'ملنسار پروفیشنل پولیس آفیسر ہیں وہ اس سے قبل وزارت داخلہ میں بطور ایڈیشنل سیکرٹری اور دیگر صوبوں میں مختلف اہم مناصب پر کام کر چکے ہیں۔ راجہ رفعت مختار پولیسنگ کی فیلڈ میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں اور پولیس سروس میں انتہائی اعلیٰ ریکارڈ کے حامل پولیس آفیسر ہیں۔ انہوں نے پولیس اپنے شہریوں کے مال و جان کا تحفظ یقینی بنانے کی بھرپور سعی کر رہی ہے۔ تھانہ میں موجود لیڈیز پولیس کے موثر کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ خواتین کے حوالہ سے شکایات و مسائل کے ازالہ کیلئے ہر تھانہ میں 2 لیڈیز پولیس آفیسر موجود ہوتی ہیں ایک وکٹم سپورٹ آفیسر جبکہ دوسری انکی معاون ہوتی ہیں۔ کاشف بٹ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ورچل ویمن پولیس اسٹیشن کے متعلق طالبات کی آگاہی دی۔ طالبات کو کردار کی مضبوطی و مثبت و تعمیری انداز میں اعتماد سازی کے فروغ پر خصوصی لیکچر دیا جس پر طالبات نے کہا کہ ہمیں خوشی ہے کہ سیالکوٹ پولیس اپنے شہریوں کیلئے اسقدر مثبت و تعمیری انداز فکر رکھتی ہے۔

تیز رفتار کار اور لوڈر رکشہ میں ٹکر بیوپاری جاں بحق

پولیس نے کار میں قبضہ میں لے لی۔ ڈرائیور حادثہ کے بعد فرار ہو گیا

گکھڑ اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) تھانہ نور شاہ کے علاقے میں تیز رفتار کار اور لوڈر رکشہ میں ٹکر بیوپاری جاں بحق پولیس نے کار میں قبضہ میں لے لی۔ ڈرائیور حادثہ کے بعد فرار۔ تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل ت

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7)8 جنوری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

قوت

تمام اشتہارات نیٹ بُکنگ کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ 1 — بقیہ جات

ہوگی۔ ہر کسی کا ظرف اس کے منہ سے نکلنے والے الفاظ سے ظاہر ہوتا ہے۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ ہمیں لگتا ہے کہ ہمارے ہی بیٹر ہی ہمارے خلاف سازش کر رہے ہیں، ان لوگ اور پی پی میں ایسے کوئی وہاں نہیں، ان لوگ اور پی پی میں ایسے کوئی اختلافات نہیں کے ساتھ بھی ایسا نہیں ہوا، انہوں نے کہا کہ ہر حکومت کا ایک نظریہ ہوتا ہے، ہمارا نظریہ پاکستان ہے، کراچی میں ہر رنگ، نسل اور قومیت کے لوگ رہتے ہیں، ماضی میں بار بار انتخابات ہوئے کراچی کی ووٹنگ کی شرح کبھی کنٹرول نہیں کی گئی، ہمیں کہا گیا کہ ہم کیسے کنٹرول کریں، ہم نے کہا کہ پولنگ اسٹیشن کم کر دیں، مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ ہم نے کہا کہ ہم نے کہا کہ ہم

وزیراعلیٰ کی قیادت میں صحت کے شعبہ میں تاریخی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، خواجہ سلمان رفیق

اجلاس کے دوران چیف منسٹر ڈائیلسز پروگرام پر عملدرآمد کی باضابطہ منظوری دی گئی۔ اجلاس کے دوران چیف منسٹر چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے

چیف منسٹر ڈائیلسز پروگرام، چیف منسٹر ریکوسٹیشن انیشی ایٹو پروگرام اور چیف منسٹر چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام حکومت پنجاب کے فلیگ شپ پروگرام ہیں، صوبائی وزیر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت چیف منسٹر ہیلتھ ٹرانسفارمیشن کمیٹی میں ہیلتھ کیئر کمیشن ڈائریکٹر جنرل کی 8 9 واں اجلاس ہوا۔ اجلاس میں ہیلتھ کیئر کمیشن ڈائریکٹر جنرل کی تعیناتی، ہیلتھ کیئر کمیشن بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تشکیل نو، ہیلتھ کیئر کمیشن کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ، ہیلتھ کیئر کمیشن کے ملازمین کی ریٹائرمنٹ کی عمر 60 سال کرنے